★★★ اب ہر نئی صبح کا سورج طلوع ہوگا نوید پاکستان کے ساتھ ★★★

راولپنڈی، اسلام آباد، ملتان، کراچی، فیصل آباد، جہلم، گجرات، اوکاڑہ، بہاولنگر، چشتیاں، ہارون آباد اور قصور میں سرکولیشن جاری ہے

ABC CERTIFIED

DAILY NAVEED E PAKISTAN LAHORE

چیف ایڈیٹر، رانا خلیل ضمیر

روزنامہ نوید پاکستان

لاہور
بہاولنگر

سب ایڈیٹر: مظہر حیات | ایڈیٹر: اکبر علی بھٹی | منیجنگ ایڈیٹر: چوہدری وقاص علی

جلد نمبر 31 | ہفتہ، 06 جون 2026، 20 ذوالحجہ 1447ھ | صفحات 4، قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 04

عوامی ٹرانسپورٹ میں اوورچارجنگ اور اوورلوڈنگ کیخلاف سخت کارروائی کا حکم

ہر بس اور بس سٹینڈ پر کرایہ نامہ واضح طور پر آویزاں کیا جائے تاکہ مسافروں سے زائد کرایہ وصول نہ کیا جاسکے، انہوں نے اوورچارجنگ میں ملوث بسوں کے روٹ پرمٹ اور بس سٹینڈز کے اجازت نامے منسوخ کرنے کی بھی ہدایت جاری

لاہور: (بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوامی ٹرانسپورٹ میں اوورچارجنگ، اوورلوڈنگ اور ان فٹ گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ نے ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز کو تمام بسوں اور بس سٹینڈز کی چیکنگ یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ مریم نواز شریف نے حکم دیا کہ ہر بس اور بس سٹینڈ پر کرایہ نامہ واضح طور پر آویزاں کیا جائے تاکہ مسافروں سے زائد کرایہ وصول نہ کیا جاسکے، انہوں نے اوورچارجنگ میں (بقیہ نمبر 40)

فیصل کریم کنڈی کی اعظم نذیر تارڑ سے ملاقات، موجودہ سیاسی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وفاقی وزیر قانون و انصاف (بقیہ نمبر 6)

پاکستان کی افرادی قوت کو تیزی سے بدلتی عالمی معیشت کے تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ضروری ہے، سینیٹر اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے عالمی (بقیہ نمبر 5)

گلگت بلتستان میں ترقیاتی منصوبے مسلم لیگ (ن) کی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہیں، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر (بقیہ نمبر 4)

سمر کیمپ سے متعلق احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، وزیر تعلیم پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ سمر کیمپ سے متعلق حکومتی (بقیہ نمبر 3)

نواز شریف این او سی لے کر گلگت بلتستان گئے، رانا ثنا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 2)

امن اور کاروبار کی بحالی کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا، شہباز شریف

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خلیج اور مشرق وسطیٰ میں امن کیلئے چین کے صدر شی جنگ پنگ کے 4 نکاتی ایجنڈے کی مکمل حمایت

چین نے پاکستان کی امن اور جنگ بندی کیلئے کوششوں کی بھرپور حمایت کی، معاملات درست سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں، شہباز شریف کا خطاب

پاکستان نے قریبی رابطے اور ہم آہنگی کو برقرار رکھا ہے اور مشترکہ مفادات کا تحفظ کیا ہے، وزیراعظم نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور پاکستانی وفد کا تعارف کرایا

بیجنگ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خلیج اور مشرق وسطیٰ میں امن کیلئے چین کے صدر شی جنگ پنگ کے 4 نکاتی ایجنڈے کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا نازک مرحلے سے گزر رہی ہے، امن اور کاروبار کی بحالی کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا، چین نے پاکستان کی امن اور جنگ بندی کیلئے کوششوں کی بھرپور حمایت کی، معاملات درست سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں جبکہ چینی وزیراعظم لی چیانگ نے کہا ہے کہ چین پاکستان کے ساتھ ملکر کام کرنے کیلئے پرعزم ہے، پاکستان (بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مودی آبی جارحیت کررہا، وفاق دیامر بھاشا ڈیم جلد مکمل کرے، بلاول بھٹو

غریب دشمن منشور رکھنے والی جماعتیں الیکشن کو مہنگا کرنے کی کوشش کررہے ہیں، پیپلز پارٹی صرف عوام کی طرف دیکھ رہی ہے، سات جون کو عوام کی طاقت سے جمہوریت کو مضبوط کریں گے

چلاس (بیورو چیف) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ مودی آبی جارحیت کررہا، وفاق دیامر بھاشا ڈیم جلد مکمل کرے۔ گلگت بلتستان کے علاقے چلاس کی فٹ بال گراؤنڈ میں انتخابی جلسے سے (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد میں اطالوی جمہوریہ کے قومی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، پاکستان میں اٹلی کی سفیر محترمہ ماریلینا آرمیلن اور دیگر معزز مہمانان کیک کاٹنے کی تقریب میں شریک ہیں۔

وفاقی محتسب کا ٹیکس چوری اور رجسٹریشن معطلی سے متعلق درخواست سننے سے انکار

ایسے معاملات جو پہلے ہی عدالتوں میں ہوں زیر غور نہیں لاتے، وفاقی ٹیکس محتسب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی ٹیکس محتسب نے سات کروڑ روپے کی مبینہ ٹیکس چوری اور سیلز ٹیکس رجسٹریشن کی معطلی سے متعلق شکایت متوازی عدالتی کارروائی کے باعث (بقیہ نمبر 9)

وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت قومی سطح پر ''پرعزم پاکستان'' پروگرام کا اجرا کردیا گیا

پروگرام کے تحت زیر تعلیم طلبہ اور حالیہ گریجویٹس کو 6 ہفتوں پر مشتمل عملی تربیت فراہم کی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں انٹرن شپ کا بڑا پروگرام شروع کردیا گیا، جس کے لیے طلبہ سے درخواستیں طلب کرلی گئی ہیں۔ پاکستان کی ساتھ اسپیس کے تحفظ کے لیے (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت قومی سطح پر ''پرعزم پاکستان'' پروگرام کا اجرا کردیا گیا۔ بدھ کو چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے پرعزم پاکستان پروگرام کے اجرا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام اور جنریشن ان لیڈ کے اشتراک سے نوجوانوں کی ترقی کا سفر جاری ہے، نوجوانوں (بقیہ نمبر 10)

پاکستان میں انٹرن شپ کا بڑا پروگرام شروع، طلبہ سے درخواستیں طلب

ریکوڈک، سینڈک اور دیگر منصوبوں میں بہتری سے معدنی ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوا

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی نے تین برسوں میں معدنی شعبے میں سرمایہ کاری اور عالمی شراکت داری کے ذریعے پاکستان معیشت کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا۔ (بقیہ نمبر 11)

ایس آئی ایف سی کی تین سالہ شاندار کارکردگی، معدنی شعبے کی ترقی میں اہم کامیابیاں

حکومت اور پیپلز پارٹی کا اہم مشاورتی اجلاس، بجٹ 10 جون کو پیش کرنے پر اتفاق

بجٹ میں معاشی شرح نمو کا ہدف 1.4 فیصد تجویز ہے جبکہ اوسط مہنگائی 4.8 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے

چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کا بار ایسوسی ایشنز کے وفود کے ساتھ سپریم کورٹ میں گروپ فوٹو۔

وفاقی حکومت کی جانب سے نئے مالی سال 2026-27 کے لیے 1.17 ٹریلین روپے کے لگ بھگ مالیت کا وفاقی بجٹ 10 جون کو پارلیمنٹ میں پیش کیے جانے کا امکان ہے جس کے لیے حکومت اور ان کی اہم اتحادی (بقیہ نمبر 15)

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر 15 اضلاع میں نکاسی آب کے جاری منصوبوں بارے جائزہ اجلاس

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ (بقیہ نمبر 14)

کوئٹہ میں موبائل فون انٹرنیٹ سروس اچانک معطل

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ شہر میں بعض سکیورٹی خدشات کے پیش نظر موبائل فون انٹرنیٹ سروس کو چند گھنٹوں کے لیے عارضی طور پر معطل کر دیا گیا۔ معاون برائے محکمہ داخلہ (بقیہ نمبر 13)

چیف الیکشن کمشنر گلگت بلتستان نے خطے میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری کردیا

چیف الیکشن کمشنر کے مطابق بلدیاتی انتخابات 2 اگست کو ہوں گے، رپورٹ

گلگت (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر گلگت بلتستان راجہ شہباز خان نے گلگت بلتستان میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری کردیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر کے مطابق بلدیاتی انتخابات 2 اگست کو ہوں گے، جبکہ امیدوار 9 جون سے 15 جون تک اپنے کاغذات نامزدگی جمع کراسکیں گے۔ راجہ شہباز خان نے کہا کہ گلگت بلتستان میں 22 سال بعد بلدیاتی انتخابات کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ریٹرننگ افسران 6 جون سے نوٹسز جاری کریں گے۔ چیف الیکشن کمشنر نے بلدیاتی انتخابات کے شیڈول پر باقاعدہ دستخط کردیے ہیں، جس کے بعد انتخابی عمل کا باقاعدہ آغاز ہوگیا ہے۔

پولیس اہلکاروں پر سنگین الزامات، انصاف نہ ملنے پر خاتون کی خودکشی کی دھمکی

ڈی ایچ اے ٹو کی خاتون کا پولیس اہلکاروں پر شوہر کی غیر قانونی حراست، رقم اور گاڑی چھیننے کا الزام

راولپنڈی (کرائم رپورٹر نصیر وڑائچ) ڈی ایچ اے ٹو کی رہائشی خاتون حفصہ رانی نے بحریہ پولیس چوکی کے بعض اہلکاروں پر اپنے شوہر کو مبینہ طور پر غیر قانونی حراست میں رکھنے، نقدی اور گاڑی چھیننے اور بعد ازاں منشیات کا جھوٹا مقدمہ درج کرنے کے سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے فوری انصاف کی اپیل کی ہے۔ حفصہ رانی کے مطابق 20 مئی 2026 کو بحریہ پولیس چوکی کے انچارج عبدالمقدم، امتیاز ناصر اور دیگر اہلکاروں نے ان کے شوہر اورنگزیب کو ڈی ایچ اے ٹو سے حراست میں لیا۔ خاتون کا دعویٰ ہے کہ اس دوران ان کے شوہر سے دو لاکھ روپے نقدی چھین لی گئی جبکہ بعدازاں بحریہ فیز 7 منتقل کرکے ان کے بینک اکاؤنٹ سے مزید ڈھائی لاکھ روپے نکلوا لیے گئے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ان کی کیا اسپورٹیج گاڑی نمبر ASC-765 بھی پولیس اہلکاروں نے اپنی تحویل میں لے لی۔ خاتون کا کہنا ہے کہ ان کے شوہر کو تین روز تک مبینہ طور پر غیر قانونی حراست میں رکھنے، نقدی اور گاڑی چھیننے کے بعد تھانہ صدر بیرونی میں منشیات کا مقدمہ درج کیا گیا۔ انہوں نے مزید الزام لگایا کہ شوہر کی رہائی کے بدلے ان سے 15 لاکھ روپے طلب کیے گئے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آبدیدہ حفصہ رانی نے کہا کہ وہ انصاف کے حصول کے لیے ایس ایس پی انویسٹی گیشن، آر پی او راولپنڈی اور دیگر متعلقہ افسران کے دفاتر کے متعدد چکر لگا چکی ہیں، تاہم تاحال انہیں کوئی ریلیف نہیں مل سکا۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دو کمسن بچے ہیں اور وہ انصاف کی تلاش میں شدید ذہنی اذیت کا شکار ہیں۔ خاتون نے خبردار کیا کہ اگر انہیں آئندہ چند روز میں انصاف نہ ملا تو وہ کچہری چوک میں خودسوزی پر مجبور ہوجائیں گی۔ متاثرہ خاتون نے وزیراعلیٰ پنجاب، وزیر داخلہ، آئی جی پنجاب، آر پی او راولپنڈی اور سی پی او راولپنڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے مبینہ طور پر ملوث اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، ان کے شوہر کو انصاف فراہم کیا جائے اور مبینہ طور پر چھینی گئی رقم و گاڑی واپس دلائی جائے۔ واضح رہے کہ مذکورہ تمام الزامات متاثرہ خاتون کی جانب سے عائد کیے گئے ہیں، جن کے حوالے سے متعلقہ پولیس حکام کا مؤقف تاحال سامنے نہیں آیا۔

سینئر زمہ نز کے حقوق کے لیے کام جاری رکھیں گے، ڈاکٹر منصور احمد

پینشنر اور سینئر زمہ نز کے حقوق کے لیے کام جاری رکھیں گے، ڈاکٹر منصور احمد

ایک سال کی کارکردگی بہت اچھی رہی یہ باڈی اسی طرح کام کرتی رہے.... ڈاکٹر اشوک

اسلام آباد میں فیصلہ کیا گیا کہ جنرل باڈی کا اجلاس جلد از جلد بلایا جائے تاکہ اس میں عہدے داروں کی تنظیم نو پر بات ہوسکے جنرل سیکرٹری حاجی محمد حنیف نے 2025 کی مکمل کارکردگی پر تفصیلی روشنی ڈالی ڈاکٹر ارشد جنجوعہ نے کہا کہ پمز میں اب جو لوگ نئے ریٹائر ہوئے ہیں ان کو بھی اس پلیٹ فارم پہ جمع کیا جائے تمام شرکاء نے اپنی اپنی تجاویز پیش کی تنویر نوشاہی نے کمپیئر کے فرائض سرانجام دیے ڈاکٹر منصور احمد نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں تاکہ جنرل باڈی کے اجلاس میں سرخرو ہوسکیں انہوں نے ایک ایمبولنس خریدنے پر بھی بات کی تاکہ مریضوں کی فلاح وبہبود کے لیے فی سبیل اللہ کام ہوسکے انہوں نے مزید کہا کہ اپ میرے دفتر میں جب چاہیں میٹنگ کر سکتے ہیں مرزا اکمل نے فنانس کی مکمل رپورٹ پیش کی اس موقع پر تمام شرکاء نے حکومت سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ اٹھ والے بجٹ میں ملازمین کے ساتھ ساتھ پینشنر زکی بھی حوصلہ افزائی کریں اور کم از کم 100 فیصد پنشن بڑھائی جائے کیونکہ پینشن ہر ہی ان لوگوں کا گزارا ہوتا ہے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جنرل باڈی کا اجلاس جلد ازجلد بلایا جائے تاکہ اس میں عہدے داروں کی تنظیم نو پر بات ہوسکے جنرل سیکرٹری حاجی محمد حنیف نے 2025 کی مکمل کارکردگی پر تفصیلی روشنی ڈالی ڈاکٹر ارشد جنجوعہ نے کہا کہ پمز میں اب جو لوگ نئے ریٹائر ہوئے ہیں ان کو بھی اس پلیٹ فارم پہ جمع کیا جائے تمام شرکاء نے اپنی اپنی تجاویز پیش کی تنویر نوشاہی نے کمپیئر کے فرائض سرانجام دیے ڈاکٹر منصور احمد نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں تاکہ جنرل باڈی کے اجلاس میں سرخرو ہوسکیں انہوں نے ایک ایمبولنس خریدنے پر بھی بات کی تاکہ مریضوں کی فلاح وبہبود کے لیے فی سبیل اللہ کام ہوسکے انہوں نے مزید کہا کہ اپ میرے دفتر میں جب چاہیں میٹنگ کر سکتے ہیں مرزا اکمل نے فنانس کی مکمل رپورٹ پیش کی اس موقع پر تمام شرکاء نے حکومت سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ اٹھ والے بجٹ میں ملازمین کے ساتھ ساتھ پینشنر زکی بھی حوصلہ افزائی کریں اور کم از کم 100 فیصد پنشن بڑھائی جائے کیونکہ پینشن ہر ہی ان لوگوں کا گزارا ہوتا ہے

اسلام آباد میں اطالوی جمہوریہ کے قومی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، پاکستان میں اٹلی کی سفیر محترمہ ماریلینا آرمیلن اور دیگر معزز مہمانان کیک کاٹنے کی تقریب میں شریک ہیں۔

وفاقی محتسب کا ٹیکس چوری اور رجسٹریشن معطلی سے متعلق درخواست سننے سے انکار

ایسے معاملات جو پہلے ہی عدالتوں میں ہوں زیر غور نہیں لاتے، وفاقی ٹیکس محتسب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی ٹیکس محتسب نے سات کروڑ روپے کی مبینہ ٹیکس چوری اور سیلز ٹیکس رجسٹریشن کی معطلی سے متعلق شکایت متوازی عدالتی کارروائی کے باعث (بقیہ نمبر 9)

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کا عہد امتحانی دیانت شفاف امتحانات، مستحکم میرٹ اور بااعتماد تعلیمی نظام کے فروغ کا تاریخی سفر

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان اور صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کا اصلاحاتی وژن امتحانی نظم وضبط، غیر جانبداری اور مؤثر نگرانی کے ذریعے شفافیت کا عملی نفاذ

مشن امتحانی وقار 2026 کمشنر و چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی انجینئر عامر خٹک کی قائدانہ حکمتِ عملی سے اعتماد اور میرٹ کا استحکام

کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان کا دوٹوک مؤقف نقل کے مرتکب عناصر کیلئے کوئی رعایت نہیں، دو اُمیدوار رنگے ہاتھوں پکڑے گئے، کیس رجسٹرڈ

راولپنڈی (پریس ریلیز) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے شفاف امتحانات اور روشن تعلیمی مستقبل کے وژن، چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان اور صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں تعلیمی بورڈ راولپنڈی کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ فرسٹ ایئر انٹرمیڈیٹ امتحان 2026 شفاف، منظم اور میرٹ پر مبنی انداز میں جاری ہے۔ کمشنر و چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی انجینئر عامر خٹک کی مؤثر نگرانی میں امتحانی مراکز کی مسلسل مانیٹرنگ اور سخت انتظامی اقدامات کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان نے گورنمنٹ شہباز شریف ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز خیابانِ سرسید، راولپنڈی، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سوہاوہ جہلم، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار وویمن سول لائنز جہلم امتحانی مراکز کے دورے کیے اور امتحانی عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کنٹرولر امتحانات کے مطابق امتحانی مرکز گورنمنٹ شہباز شریف ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز خیابانِ سرسید، راولپنڈی، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سوہاوہ جہلم، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار وویمن سول لائنز جہلم امتحانی مراکز کے دورے کیے اور امتحانی عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کنٹرولر امتحانات کے مطابق امتحانی مرکز گورنمنٹ شہباز شریف ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز خیابانِ سرسید راولپنڈی سے ایک اُمیدوار جبکہ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز خیابانِ سرسید، راولپنڈی، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سوہاوہ، جہلم، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار وویمن سول لائنز، جہلم امتحانی مراکز کے دورے کیے اور امتحانی عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کنٹرولر امتحانات کے مطابق امتحانی مرکز گورنمنٹ شہباز شریف ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز خیابانِ سرسید راولپنڈی سے ایک اُمیدوار جبکہ گورنمنٹ سیکنڈری سکول اوسیہ مری سے ایک اُمیدوار نقل کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑے گئے ان دو اُمیدواران کے خلاف بورڈ قوانین کے مطابق کیس رجسٹرڈ کرکے ڈسپلن برانچ کو بھجوا دیا گیا۔ کنٹرولر امتحانات نے واضح کیا کہ امتحانی شفافیت، میرٹ اور نظم وضبط پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور نقل یا کسی بھی بے ضابطگی میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔

تاجروں کے خلاف کسی قسم کا لاک ڈاؤن اور کاروباری اوقاتِ کار میں کمی قبول نہیں

حکومت فوری نوٹیفکیشن واپس لے، زاہد بختاوری

راولپنڈی تاجروں کے خلاف کسی قسم کا لاک ڈاؤن اور کاروباری اوقات کار میں کمی قبول نہیں، حکومت فوری نوٹیفکیشن واپس لے، زاہد بختاوری یہ اپیل کرتے ہوئے کہا کہ تاجروں کو اعتماد میں لیے بغیر کیے گئے فیصلے ملکی معیشت کو مزید نقصان پہنچائیں گے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت وقتی اعلانات کے بجائے تاجروں کو مستقل اور عملی ریلیف فراہم کرے اور تمام معاشی فیصلے تاجر تنظیموں سے مشاورت کے بعد کیے جائیں۔ اجلاس میں متفقہ قرارداد منظور کی گئی جس میں کاروباری پابندیوں کے خاتمے، کاروبار دوست پالیسیوں اور بجٹ میں تاجروں پر مزید بوجھ نہ ڈالنے کا مطالبہ کیا گیا۔ اس موقع پر راولپنڈی کے تمام تاجر گروپس پر مشتمل ایکشن کمیٹی تشکیل دینے کا بھی فیصلہ کیا گیا جو آئندہ کے لائحہ عمل اور احتجاجی پروگراموں کا اعلان کرے۔ اور کاروباری اوقاتِ کار معمول کے مطابق بحال کرے۔ زاہد بختاوری نے کہا کہ تاجروں کو اعتماد میں لیے بغیر کیے گئے فیصلے ملکی معیشت کو مزید نقصان پہنچائیں گے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت وقتی اعلانات کے بجائے تاجروں کو مستقل اور عملی ریلیف فراہم کرے اور تمام معاشی فیصلے تاجر تنظیموں سے مشاورت کے بعد کیے جائیں۔ اجلاس میں متفقہ قرارداد منظور کی گئی جس میں کاروباری پابندیوں کے خاتمے، کاروبار دوست پالیسیوں اور بجٹ میں تاجروں پر مزید بوجھ نہ ڈالنے کا مطالبہ کیا گیا۔ اس موقع پر راولپنڈی کے تمام تاجر گروپس پر مشتمل ایکشن کمیٹی تشکیل دینے کا بھی فیصلہ کیا گیا جو آئندہ کے لائحہ عمل اور احتجاجی پروگراموں کا اعلان کرے۔

مکہ اور مدینہ کی جدائی برداشت سے باہر ہے

آنسوؤں کی برسات کا جاری ہونا اختیار میں نہیں رہتا، حج ایک مشقت طلب عبادت ہے

راولپنڈی (راجہ افضال حسین) مکہ اور مدینہ کی جدائی برداشت سے باہر ہے۔ آنسوؤں کی برسات کا جاری ہونا اختیار میں نہیں رہتا، حج ایک مشقت طلب عبادت ہے۔ جو سرور طواف کعبہ، سعی اور روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کی زیارت میں ہے وہ کئی بھی نہیں۔ ان خیالات کا اظہار حاجی مسعود احمد قاضی نے محمد بشیر راجہ اور حاجی عبدالغفار وڈیگر مبارک باد پیش کرنے کیلئے آئے ہوئے دوست احباب سے کیا۔ اس موقع پر ان کی بھابھی جو گزشتہ دنوں وفات پاگئیں ہیں ان کیلئے دعائے مغفرت اور بلندی درجات اور لواحقین کے لیے صبر کی دعا بھی کی گئی

سالانہ عظیم الشان محفلِ میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 6 جون بعد نماز عشاء چکری اڈا انعقاد پذیر ہوگی

سید حامد علی شاہ ہمدانی سرپرستی اور مفتی محمد حنیف قریشی خصوصی خطاب فرمائیں گے

راولپنڈی (راجہ افضال حسین) سالانہ عظیم الشان محفلِ میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 6 جون بعد نماز عشاء چکری اڈا انعقاد پذیر ہوگی۔ تمام تیاریاں مکمل، پیر سید محمد جابر علی شاہ ہمدانی سجادہ نشین دربار عالیہ بھنگالی شریف صدارت اور پیر سید محمد مخدوم عباس شاہ ہمدانی سرپرست اعلیٰ دربار عالیہ بھنگالی شریف مہمان خصوصی ہونگے۔ سید حامد علی شاہ ہمدانی سرپرستی اور مفتی محمد حنیف قریشی خصوصی خطاب فرمائیں گے۔ تمام اہل اسلام کو حاجی سید انوار حسین شاہ ہمدانی نے شرکت کی دعوت عام دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ذکر حبیب خدا ﷺ سے دلوں کو منور کرنے کے لیے سالانہ عظیم الشان محفل میلادِ مصطفیٰ ﷺ کی تمام تر تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ اس بابرکت محفل کا انعقاد 6 جون 2026ء بروز ہفتہ، بعد نماز عشاء بمقام المدینہ قمر پلازہ قرطبہ روڈ، چکری اڈا، راولپنڈی میں کیا جا رہا ہے۔ محفل کا آغاز۔ قاری شبیر احمد عثمانی کی تلاوت کلام پاک سے ہوگا۔ ناظم سٹیج کے فرائض صاحبزادہ کامران حسین تبسم نوری انجام دیں گے، علامہ سید فیض الحسن شاہ ہمدانی بھی خصوصی خطاب فرمائیں گے جبکہ خصوصی ہدیہ نعت عالمی شہرت یافتہ نعت گو شاعر سید الطاف شاہ کاظمی، احمد علی حاکم، زین العابدین سیدی، محمد ندیم اعوان، سید فاروق حسین شاہ ہمدانی پیش کریں گے۔ حاجی سید انوار حسین شاہ ہمدانی نے اڈیالہ پریس کلب کے صحافیوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ میڈیا کے توسط سے تمام اہل اسلام کو شرکت کی دعوت عام دی جاتی ہے۔ محفل پاک میں شرکت کرنے والے خوش نصیبوں کے لیے 7 آومیٹے چلیں گروپ کی جانب سے 1 عمرہ ٹکٹ بذریعہ قرعہ اندازی بالکل مفت دیا جائے گا۔ قرعہ اندازی میں شامل ہونے کے لیے خوش نصیب کا محفل میں موجود ہونا لازمی ہے اور تمام شرکاء اپنے ہمراہ شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی ضرور لائیں۔ چوہدری غلام قمر سابق چیئرمین، عطا اللہ جمالی، چوہدری عبدالقیوم، چوہدری محمد یعقوب، وسیم حسن راجہ نے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ محفل کے اختتام پر لنگرِ حسینی کا بھی خصوصی اہتمام ہوگا۔ تمام عاشقانِ رسول ﷺ سے وقت کی پابندی اور شرکت کی التماس ہے۔

ایس پی خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی

ایس ایس پی انوسٹیگیشن شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے

راولپنڈی (سردار آفتاب اقبال) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی، ایس ایس پی انوسٹی گیشن ناصر علی خان نے ایس ایچ او چکلالہ انسپکٹر سکندر نواز، ایس ایچ او رتہ امرال انسپکٹر علی حسنین، ایس ایچ او بنی سب انسپکٹر ارسلان یٹین، ایس ایچ او واہ کینٹ سب انسپکٹر احسن علی، ایس ایچ او پیرودھائی سب انسپکٹر مظہر حنیف قادری، ہیڈ کانسٹیبل کفیل طارق، ہیڈ کانسٹیبل شفیق الرحمٰن اور ہیڈ کانسٹیبل وقاص کو تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا، بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران شاباش اور حوصلہ افزائی کے مستحق ہیں، ایس ایس پی انوسٹیگیشن شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور جرائم کی روک تھام اولین ترجیح ہے، ایس ایس پی انوسٹیگیشن

پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی

ایس ایس پی انوسٹیگیشن شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے

راولپنڈی (سردار آفتاب اقبال) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی، ایس ایس پی انوسٹی گیشن ناصر علی خان نے ایس ایچ او چکلالہ انسپکٹر سکندر نواز، ایس ایچ او رتہ امرال انسپکٹر علی حسنین، ایس ایچ او بنی سب انسپکٹر ارسلان یٹین، ایس ایچ او واہ کینٹ سب انسپکٹر احسن علی، ایس ایچ او پیرودھائی سب انسپکٹر مظہر حنیف قادری، ہیڈ کانسٹیبل کفیل طارق، ہیڈ کانسٹیبل شفیق الرحمٰن اور ہیڈ کانسٹیبل وقاص کو تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا، بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران شاباش اور حوصلہ افزائی کے مستحق ہیں، ایس ایس پی انوسٹیگیشن شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ایس ایس پی انوسٹیگیشن

چنیوٹ میں ماحولیات کے عالمی دن پر آگاہی واک کا انعقاد

شرکاء نے ماحولیاتی تحفظ کی اہمیت پر زور دیا، عائشہ رضوان

چنیوٹ (دانیال فضل سے)ماحولیات کے عالمی دن کے موقع پر آگاہی واک کا انعقاد، تفصیلات کے مطابق ماحولیات کے عالمی دن کے حوالے سے محکمہ ماحولیات چنیوٹ کے زیر اہتمام آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک کی قیادت ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان اور ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے کی۔ واک میں اسسٹنٹ کمشنر شائستہ جبین، ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات ڈاکٹر حنا تنار، مختلف محکموں کے افسران، سول سوسائٹی کے نمائندگان، میڈیا نمائندگان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ،اس موقع پر شرکاء نے ماحولیاتی تحفظ، شجر کاری، فضائی آلودگی کے خاتمے اور صاف ستھرے ماحول کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماحولیات کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اجتماعی اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور اپنے ارد گرد کے ماحول کو صاف رکھنے میں کردار ادا کریں۔ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے کہا کہ صحت مند معاشرے کے لیے صاف اور محفوظ ماحول بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور ماحول دوست سرگرمیوں کے فروغ میں اپنا کردار ادا کریں۔ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات ڈاکٹر حنا تنار نے عالمی یوم ماحولیات کے مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اس دن کا مقصد عوام میں ماحولیاتی شعور بیدار کرنا اور قدرتی وسائل کے تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ واک کے اختتام پر شرکاء نے ماحول دوست طرزِ زندگی اپنانے اور آگہی مہمات میں بھرپور حصہ لینے کے عزم کا اظہار کیا۔ڈپٹی کمشنر، ڈی پی او اور دیگر نے ریسٹ ہاؤس میں شجر کاری مہم کے تحت پودے بھی لگائے اور دعا کی۔

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گرنے سے نوجوان شدید زخمی ہوا

ٹریفک حادثات میں متعدد افراد شدید زخمی، اسپتال منتقل

کامونکے (وقار احمد سے)تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہوگیا۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز بہ محمد نگر کا تیس سالہ ندیم موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہوگیا۔ دیگر ٹریفک حادثات میں پچاس سالہ محمد افضال، پینتالیس سالہ عمران، پچیس سالہ ادریس، چالیس سالہ سجاول، سترہ سالہ ہاشم اور محمد اویس شدید زخمی ہوگیا۔ زخمیوں کو طبی امداد کیلئے تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔۔۔

کامونکے میں چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی اشیاء چوری

پولیس نے کامونکے میں چوری کے مقدمات درج کر لیے ہیں

کامونکے (تحصیل رپورٹر پیر فضل احمد نقشبندی سے)چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی اشیاء چُرا لی گئیں۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز علی رضا نامی نوجوان تحصیل ریونیو آفس کے باہر موٹر سائیکل کھڑی کر کے اندر چلا گیا تو نامعلوم چور اسکی غیر موجودگی میں موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے۔ بغداد ٹاؤن کے محمد سلطان کے کارخانہ سے نامعلوم چور دو مشینیں، قینچیاں اور دیگر سامان چوری کر کے لے گئے۔ حبیب پورہ میں محمد کاشف کے آر مشین کی موٹر نامعلوم چور لے گئے۔ گورنمنٹ کالج آف کامرس سے نامعلوم چور قیمتی سامان لے گئے۔ جبکہ ایمن آباد کے منظر علی کا موبائل فون گھر سے چوری ہوگیا۔ پولیس نے مقدمات درج کر لیے ہیں۔۔۔

مردیکے فیڈر میں غیر قانونی بجلی کنکشنوں کی بھرمار

علاقہ مکینوں کا مردیکے فیڈر کی انکوائری کا مطالبہ

وزیر آباد (نامہ نگار) مردیکے فیڈر پر مبینہ بے ضابطگیوں کا راج، غیر قانونی کنکشنوں اور ہاؤسنگ سکیموں کو بجلی فراہمی سے قومی خزانے کو نقصان۔ گیپکو سب ڈویژن نمبر 1 کے مردیکے فیڈر میں مبینہ بے ضابطگیوں، غیر قانونی کنکشنوں اور قواعد و ضوابط کی خلاف ورزیوں کے باعث محکمانہ نظام پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ علاقہ مکینوں اور صارفین نے الزام عائد کیا ہے کہ برسوں سے ایک ہی فیڈر پر تعینات لائن سپرنٹنڈنٹ کے دور میں متعدد قانونی ہاؤسنگ سکیموں میں متعدد گھرانوں کو بجلی فراہم کی گئی جس سے نہ صرف قومی خزانے کو مالی نقصان پہنچا بلکہ قانون کی عملداری بھی متاثر ہوئی۔ شہریوں کے مطابق مردیکے فیڈر کے مختلف علاقوں میں ڈبل کنکشنوں کی بھرمار ہے اور بعض نان پروٹیکٹڈ صارفین کو مبینہ طور پر ٹیرف میں غیر قانونی سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں جس کے نتیجے میں محکمہ کو مسلسل ریونیو نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ ایسے متعدد مکانات بھی لمبے کیبل کنکشنوں سے بجلی استعمال کر رہے ہیں جو غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں میں تعمیر ہوئے اور اصولی طور پر انہیں کنکشن جاری نہیں کیے جا سکتے تھے تاہم مبینہ طور پر دیگر صارفین کے نام پر میٹر لگا کر انہیں بجلی فراہم کی جارہی ہے۔ علاقہ مکینوں نے مزید الزام لگایا ہے کہ نئے کنکشن حاصل کرنے کے خواہشمند افراد سے مبینہ طور پر بھاری رقوم وصول کیے بغیر معاملات آگے نہیں بڑھائے جاتے جبکہ قانون کے مطابق درخواست دینے والے صارفین کو مختلف حیلوں بہانوں سے پریشان کیا جاتا ہے۔ شہریوں اور سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ محکمہ کے اصل لائن لاسز اور مالی نقصانات کا سبب بجلی چوری نہیں بلکہ ایسے عناصر ہیں جو طویل عرصے سے ایک ہی جگہ تعینات رہ کر مبینہ طور پر خلاف ضابطہ سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ عوامی حلقوں نے گیپکو کے اعلیٰ حکام سے مردیکے فیڈر کے معاملات کی فوری انکوائری، خصوصی آڈٹ اور متعلقہ لائن سپرنٹنڈنٹ کے تبادلے کا مطالبہ کیا ہے۔

محرم الحرام کی سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا

ڈپٹی کمشنر بھکر نے جلوس کے روٹس کا معائنہ کیا

بھکر:: محرم الحرام کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ رانا محمد حنیف ڈپٹی بیورو چیف روز نامہ نوید پاکستان محرم الحرام کی آمد کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر بھکر احسان علی جمالی، اسسٹنٹ کمشنر بھکر غلام محی الدین، ایس ڈی پی او صدر بھکر منصور احمد خان، ایس ایچ او سٹی اور انچارج سیکورٹی ملک شاہ اللہ نے جلوس کے روٹس سٹی بھکر اور کوٹلہ جام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ افسران نے جلوس کے راستوں پر سیکیورٹی انتظامات، صفائی ستھرائی، روشنی اور دیگر ضروری سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے جلوس و مجالس کے منتظمین سے ملاقات بھی کی اور محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام اور فول پروف سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ منتظمین نے انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا، جبکہ افسران نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کو مؤثر بناتے ہوئے عزاداروں کو پرامن اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں۔

وزیر اعظم شہباز شریف نے اسلام آباد کو صوبائی حیثیت دینے کا وعدہ کیا

اسلام آباد کے عوام کو صوبائی اسمبلی کے قیام سے بااختیار بنانے کا اقدام

اسلام آباد:(رجب علی) رکن قومی اسمبلی راجہ خرم نواز نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے اسلام آباد کو صوبائی حیثیت دینے کے حوالے سے ان کی تجاویز کو نہ صرف سنا بلکہ ان پر عملدرآمد کے لیے عملی اقدامات بھی شروع کر دیے ہیں، جس پر وہ وزیراعظم کے مشکور ہیں۔ اپنے بیان میں راجہ خرم نواز نے کہا کہ اسلام آباد کو صوبائی حیثیت ملنے سے دارالحکومت کے لاکھوں شہریوں کو ایک مستقل شناخت اور اپنے معاملات چلانے کے لیے بااختیار فورم میسر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ نظام میں اسلام آباد کے عوام کو قانون سازی، ترقیاتی منصوبوں اور دیگر عوامی مسائل کے حل کے لیے پورے پارلیمنٹ کے ذریعے فیصلے کروانا پڑتے ہیں، جو ایک طویل اور مشکل عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی اسمبلی کے قیام کے بعد اسلام آباد کے عوام اپنے منتخب نمائندوں کے ذریعے مقامی سطح پر قانون سازی اور ترقیاتی فیصلے خود کر سکیں گے، جس سے عوامی مسائل کے حل میں تیزی آئے گی اور حکومتی امور زیادہ مؤثر انداز میں انجام دیے جا سکیں گے۔ راجہ خرم نواز کا کہنا تھا کہ اس وقت چیف کمشنر اسلام آباد عملاً وزیراعلیٰ کے اختیارات استعمال کرتے ہیں، حالانکہ وہ عوام کے منتخب نمائندے نہیں ہوتے، جس کی وجہ سے متعدد عوامی مسائل کے حل میں غیر ضروری تاخیر کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی اسمبلی کے قیام کے بعد عوامی آواز کو براہ راست نمائندگی ملے گی اور اہم عوامی معاملات پر فوری قانون سازی اور فیصلے ممکن ہوں گے۔ انہوں نے

محکمہ ماحولیات کا غیر قانونی ٹائر پلانٹس کے خلاف کریک ڈاؤن

چیچہ وطنی میں غیر قانونی ٹائر پلانٹس مسمار، کارروائیاں جاری رہیں گی

ساہیوال ڈپٹی بیورو چیف شاہ بہرام مان فیروزی محکمہ ماحولیات کا غیر قانونی ٹائر پلانٹس کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن، کئی پلانٹس مسمار، محکمہ ماحولیات پنجاب کے ڈپٹی ڈائریکٹر ای پی اے ملک علی عمران، ڈپٹی ڈائریکٹر ای پی اے میڈم عروشہ مقبول اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر ای پی اے ڈاکٹر احمد حسن کی ہدایات اور نگرانی میں چیچہ وطنی اور گردونواح میں غیر قانونی ٹائر جلانے والے پلانٹس کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، مختلف مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد غیر قانونی ٹائر پلانٹس کو مسمار کر دیا گیا جبکہ ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جارہی ہے،اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر ای پی اے ڈاکٹر احمد حسن نے کہا کہ ٹائر پلانٹس سے خارج ہونے والا زہریلا دھواں انسانی صحت اور ماحولیات کے لیے انتہائی خطرناک ہے، اس لیے کسی کو بھی عوام کی صحت کے ساتھ کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی،ڈپٹی ڈائریکٹر ای پی اے ملک علی عمران اور ڈپٹی ڈائریکٹر ای پی اے میڈم عروشہ مقبول نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ ماحولیات ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے گا، انہوں نے کہا کہ غیر قانونی ٹائر پلانٹس کے خلاف بلاتعطل آپریشن جاری رکھا جائے گا اور قانون شکن عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی،دوسری جانب مقامی مکینوں نے محکمہ ماحولیات کی کارروائیوں کو سراہتے ہوئے اظہارِ تشکر کیا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ ٹائر پلانٹس سے نکلنے والا دھواں فضائی آلودگی اور مختلف بیماریوں کا سبب بن رہا تھا، جس کے خاتمے کے لیے محکمہ ماحولیات کے اقدامات قابل ستائش ہیں۔

محرم الحرام 2026 کے لیے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا

ڈی آئی جی غضنفر علی شاہ کی صدارت میں اہم اجلاس منعقد ہوا

چیف رپورٹر ملک عثمان مونڈا) محرم الحرام 2026 کے پرامن انعقاد کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس مظفر گڑھ کے زیر اہتمام ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر غضنفر علی شاہ نے کی جبکہ ڈی ایس پی سیفٹی بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ضلع بھر میں محرم کے جلوسوں اور مجالس کے سیکیورٹی انتظامات، روٹس کی کلیئرنس، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ DPO غضنفر نے ہدایت کی کہ محرم کے دوران فول پروف سیکیورٹی کو یقینی بنایا جائے اور تمام مکاتب فکر کے علماء و عمائدین کو اعتماد میں لیا جائے۔ شہری و سماجی حلقوں نے محرم کی پیشگی تیاریوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ پولیس انتظامیہ شہر میں جاری دیگر مسائل جیسے خستہ حال عمارات، پانی کی قلت اور صحت کی سہولیات کی عدم دستیابی پر بھی اسی مستعدی سے توجہ دے گی۔

شیر شاہ ٹول پلازہ پر تین مزدور کرنٹ لگنے سے جاں بحق

بجلی کی تار سے سیڑھی ٹکرا جانے کا افسوسناک حادثہ

ملتان اعجاز حسین آسی کرائم رپورٹر) شیر شاہ ٹول پلازہ شجاع آباد روڈ پر بجلی کی تار سے لوہے کی سیڑھی ٹکرا جانے کے باعث تین مزدور کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوگئے۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب نجی کنٹریکٹر کے مزدور ٹول پلازہ پر نصب سٹیل شیڈ کی لائٹس کی مرمت کا کام مکمل کرنے کے بعد سیڑھی واپس لے جا رہے تھے۔ ریسکیو 1122 ملتان کنٹرول روم کو واقعے کی اطلاع موصول ہوتے ہی امدادی ٹیمیں فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق مزدور ٹول پلازہ کی سٹیل شیڈ پر نصب لائٹس کی مرمت کے بعد لوہے کی سیڑھی واپس سٹور منتقل کر رہے تھے کہ سیڑھی اچانک قریبی ہائی وولٹیج بجلی کی تاروں سے ٹکرا گئی۔ تار سے رابطہ ہوتے ہی شدید کرنٹ دوڑ گیا جس کے نتیجے میں تینوں مزدور موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت 28 سالہ امیر حمزہ، 20 سالہ عبدالقیوم اور 20 سالہ عاطف کے ناموں سے ہوئی ہے۔ تینوں افراد نجی کنٹریکٹر کے تحت شیر شاہ انٹر چینج پر برقی مرمت اور دیکھ بھال کے کام پر مامور تھے۔ عینی شاہدین کے مطابق مزدور کام مکمل کرنے کے بعد سیڑھی اٹھا کر قریبی کوارٹرز کی جانب جا رہے تھے کہ راستے میں موجود 1100 واٹ کی مین بجلی کی تار سے سیڑھی چھو گئی، جس کے باعث تینوں افراد شدید جھلس گئے اور موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ ریسکیو اہلکاروں نے متاثرین کو فوری طبی امداد اور سی پی آر فراہم کرتے ہوئے نشتر ہسپتال منتقل کیا تاہم ڈاکٹرز نے ان کی موت کی تصدیق کر دی۔ واقعے کی اطلاع واپڈا کنٹرول روم کو بھی دے دی گئی جبکہ پولیس نے موقع پر پہنچ کر قانونی کارروائی شروع کر دی۔ ریسکیو آپریشن ایمرجنسی آفیسر انجینئر محمد بلال کی نگرانی میں مکمل کیا گیا۔ ابتدائی طور پر حادثے کی وجہ حفاظتی تدابیر میں غفلت اور بجلی کی تاروں کے قریب احتیاطی اقدامات نہ کرنا قرار دیا جا رہا ہے، تاہم متعلقہ ادارے واقعے کی مزید تحقیقات کر رہے ہیں۔

ڈسکہ شہر کی گلیاں کچرا کنڈی میں تبدیل، شہریوں کا احتجاج

گرین پاکستان پارٹی کے صدر اقبال خان کاکڑ نے صفائی انتظامات پر سوال اٹھائے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ انوسٹی گیشن انچارج احمد رضا مقصود مغل) گرین پاکستان پارٹی کے مرکزی صدر اقبال خان کاکڑ اور مقامی انتظامیہ اور ستھرا پنجاب ٹیم کی نااہلی سے ڈسکہ شہر و گردونواح کے گلی محلے کچرا کنڈی بن گئے، سینٹری ورکرز صرف جی ٹی روڈ تک محدود ہو چکے ہیں، محلہ بھانانوالہ، پرانا ڈسکہ، مین بازار، محلہ عمر مسجد و دیگر محلے صفائی کے ناقص انتظامات کے باعث گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکے ہیں ہر طرف کچرے کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں گلیوں میں پلاسٹک کے تھیلے، گلی سڑی اشیاء اور تعفن پھیلانے والا مواد بکھرا پڑا ہے، جس سے نہ صرف بیماریاں پھیلنے کا خطرہ پیدا ہو چکا ہے بلکہ شہریوں کا جینا بھی محال ہو گیا ہے گرین پاکستان پارٹی کے مرکزی صدر اقبال خان کاکڑ اور مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ "ستھرا پنجاب" مہم کے تحت تعینات سینٹری ورکرز گلی محلوں کا رخ ہی نہیں کرتے جب اہل علاقہ نے ان ورکرز کو گلیوں کی صفائی کا کہا تو انہوں نے صاف جواب دیتے ہوئے کہا ہمارے صاحبوں نے ڈیوٹی صرف جی ٹی روڈ کو صاف رکھنے پر لگائی ہے، ہم اندرونی محلوں میں صفائی نہیں کر سکتے، شہریوں نے کمشنر گوجرانوالہ، ڈی سی سیالکوٹ اور اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ سخت نوٹس لیں اور ڈسکہ کلاں و دیگر علاقہ جات میں فوری صفائی کے انتظامات کو یقینی بنائیں

تھانہ سمبڑیال میں قتل کے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا

DPO سیالکوٹ کی ہدایت پر پولیس کی فوری کارروائی

سیالکوٹ (ملک عمیر اعوان سے) تفصیلات کے مطابق DPO سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی ہدایات پر تھانہ سمبڑیال پولیس نے قتل کے ایک سنگین مقدمہ میں فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ تھانہ سمبڑیال کے علاقہ میں پیش آیا جہاں ملزم نے فائرنگ کر کے اپنے سگے بھائی کو قتل کر دیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی SHO تھانہ سمبڑیال سرمد فیاض پولیس نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے اور شواہد اکٹھے کیے۔ پولیس نے مقتول کی نعش کو ضروری قانونی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا۔ ابتدائی تحقیقات اور شواہد کی روشنی میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ بعد ازاں پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے جبکہ وقوعہ کے محرکات بھی معلوم کیے جا رہے ہیں۔ DPO سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے کہا ہے کہ سنگین جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ قانون شکن عناصر کے لیے کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ ضلع بھر میں امن و امان کی فضا کو برقرار رکھنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ DPO نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ مقدمہ کی تفتیش میرٹ پر مکمل کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملزم کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ پولیس کی بروقت کارروائی کو شہری حلقوں نے سراہا ہے۔

محترم محمد عمر کی محنت سے سمبڑیال میں نئے ٹرانسفارمرز منظور

سمبڑیال میں بجلی کے بحران پر قابو پانے کے لیے اقدامات شروع

.سیالکوٹ(بیورو چیف محمد عاصم خانزادہ) لائن سپرنٹنڈنٹ محترم محمد عمر کی انتھک کاوشیں رنگ لے آئیں سمبڑیال کے متعدد محلوں کے لیے نئے ٹرانسفارمرز منظور! سمبڑیال: سمبڑیال اور اس کے گردونواح میں بجلی کے بحران، وولٹیج کی کمی اور آئے روز ٹرانسفارمر جلنے کے بڑے مسئلے پر قابو پانے کے لیے محکمہ واپڈا نے تاریخی اور انقلابی قدم اٹھا لیا ہے۔ لائن سپرنٹنڈنٹ سمبڑیال، محترم محمد عمر کی بے مثال محنت، انتھک کاوشوں اور عوامی دردِ دل کے باعث شہر کے متعدد اہم اور گنجان آباد علاقوں کے لیے نئے ٹرانسفارمرز کی منظوری دے دی گئی ہے، جس پر عوامی و سماجی حلقوں کی جانب سے انہیں بھرپور خراجِ تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔ عوامی مہم اور سروے کے مطابق، اس منصوبے کے تحت سب سے پہلے محلہ دارالاسلام نزد اسلامیہ اسکول گراؤنڈ / چلڈرن پارک سمبڑیال میں نیا ٹرانسفارمر نصب کیا جائے گا تاکہ اس بڑے اسکول اور پارک کے گردونواح کی آبادی کو فوری ریلیف مل سکے۔ محترم محمد عمر صاحب کی خصوصی دلچسپی سے منظور ہونے والے دیگر تمام محلوں اور علاقوں کی تفصیل درج ذیل ہے جہاں ترجیحی بنیادوں پر کام کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ متاثرہ محلے جہاں نئے ٹرانسفارمرز لگائے جائیں گے: 1. اعظم ٹاؤن 2. اعظم ٹاؤن حاجی روڈ 3. محلہ گھی ٹاور والی 4. محلہ بچڑ خانہ 5. گلی لاہوری نان شاپ 6. گلی چمن پان شاپ والی گلی نمبر 73. گوگا بھٹہ 8. گلی ڈاکٹر محمود والی 9. نزد نیشنل بینک 10. محلہ مغل ٹاؤن 11. فاروق آباد 12. ڈوبن پورہ 13. صابر آباد 14. محلہ فاروق آباد 15. کرم آباد 16. کرم آباد نزد مدرسہ اہلحدیث 17. نزد سول ہسپتال 18. قاضی ٹی وی 19 . نوبل اسکول نزد ڈاکٹر افضل 20. ڈاکٹر افضل 21. ڈاکٹر اصغر 22. بوٹی چوک پرانا بازار 23. جمیل سیکرٹری 24. گلی نمبر 9 لوپوالی روڈ 25. نواب پورہ 26. نواب پورہ 27. گلی نمبر 3 وزیر آباد روڈ 28. گلی نمبر 298. گلی نمبر 3010. گلی نمبر 3112. گلی نمبر 3214. گلی نمبر 3315. محلہ سلیم پورہ 34 . نزد خالد مسجد 35. محلہ صفاں والا 36. ریلوے گودام 37. نزد ریلوے اسٹیشن 38. نزد فلٹریشن پلانٹ 39. غوث پورہ عوام کا ردعمل اور لائن سپرنٹنڈنٹ کو خراجِ تحسین: اس تاریخی منظوری کے بعد ان تمام محلوں میں ٹرانسفارمرز اوور لوڈ ہونے، لائٹ غائب ہونے اور شارٹ سرکٹ کے مسائل کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ ہو جائے گا۔ سمبڑیال کے شہریوں اور معززینِ علاقہ نے لائن سپرنٹنڈنٹ محترم محمد عمر کی اس عوامی خدمت اور دن رات کی محنت کو دل سے سراہا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ ان کی سربراہی میں سمبڑیال کا بجلی کا نظام مزید مثالی بنے گا۔ یہ منصوبہ 2026 دسمبر تک پورا ہو جائے گا

اسلام آباد پولیس کی شاندار کارکردگی پر خراج تحسین پیش کیا گیا

چیئرمین رانا خلیل ضمیر اور صدر ملک یاسر کا بیان

چیئرمین رانا خلیل ضمیر اور صدر ملک یاسر کا اسلام آباد پولیس کی شاندار کارکردگی پر خراج تحسین * جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی قابل ستائش ہے، اسلام آباد: پنجاب میڈیا ایسوسی ایشن کے چیئرمین رانا خلیل ضمیر اور صدر ملک یاسر نے اسلام آباد پولیس کی جانب سے جرائم کے خاتمے اور شہریوں کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اپنے مشترکہ بیان میں چیئرمین رانا خلیل ضمیر نے کہا کہ آئی جی اسلام آباد اور ان کی پوری ٹیم نے سیف سٹی، سمارٹ پولیسنگ اور بروقت کارروائیوں کے ذریعے وفاقی دارالحکومت کو محفوظ بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ سٹریٹ کرائم، چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں واضح کمی پولیس کی پروفیشنل کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ صدر ملک یاسر نے اپنے بیان میں کہا کہ اسلام آباد پولیس کے جوان دن رات عوام کی خدمت میں مصروف ہیں۔ آر ٹیفیشل انٹیلی جنس، جدید ٹیکنالوجی اور ہیچ لیب جیسے اقدامات سے مجرموں کی گرفتاری اور جرائم کی چیخ کنی قابل تعریف ہے۔ ہم پولیس کے ان افسران و جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں جو اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر شہریوں کی جان و مال کا تحفظ کر رہے ہیں۔ چیئرمین اور صدر نے مزید کہا کہ پنجاب میڈیا ایسوسی ایشن اسلام آباد پولیس کی ہر مثبت کاوش کو سراہتی ہے اور صحافی برادری پولیس کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ امید ہے کہ زیرو ٹالرنس پالیسی کا یہ سلسلہ جاری رہے گا تاکہ اسلام آباد کو مکمل طور پر کرائم فری سٹی بنایا جا سکے۔

عارفوالا پریس کلب فرینڈز گروپ کی بڑی بیٹھک کا انعقاد

حاجی محمد ایوب چوہدری نے عوام کے مسائل اجاگر کرنے کا عزم ظاہر کیا

عارفوالا (حاجی محمد ارشد جاوید) پریس کلب فرینڈز گروپ کے عہدے داران کی بڑی بیٹھک عارفوالا عرفان ٹاؤن سینیئر صحافی میاں محمد حفیظ جوئیہ کی رہائش گاہ پر اجلاس ہوا جس کی صدارت حاجی محمد ایوب چوہدری چینل فائیو۔۔ سرپرست اعلیٰ حاجی محمد ارشد جاوید چیئرمین اصغر علی۔ پیر سید ریاض شاہ بخاری نائب صدر۔ جنرل سیکرٹری ملک ریحان نواز کو 1 . پوائنٹ نیوز نمائندگی ملنے پر مبارکباد پیش کی اور 1. پوائنٹ نیوز چینل کا لوگو دیا گیا۔ صفدر علی بھٹی ایڈووکیٹ دی نیوز پیپر کی نمائندگی لینے پر مبارکباد دی گئی دیگر سینیئر صحافیوں بابا محمد وریام۔ علی رضا بھٹی۔ سینیئر صحافی ملک مظہر فرید کھوکھر۔ ثمران جٹ نے اجلاس میں شرکت کی تلاوت کلام پاک سے اجلاس کا آغاز کیا گیا سینیئر صحافی چوہدری محمد اکرم کی ساس کی وفات پر اظہار افسوس اور فاتحہ خوانی کی گئی اور دیگر دوستوں کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کی گئی اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے صدر پریس کلب فرینڈز گروپ حاجی محمد ایوب چوہدری نے کہا کہ عوام اور مظلوم کی آواز بننے کے لیے پر عزم ہیں پریس کلب فرینڈز گروپ کے تمام ممبران نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ وہ علاقے کے عوام، کسانوں، مزدوروں، نوجوانوں اور مظلوم طبقے کی آواز بن کر ان کے مسائل ہر فورم پر اجاگر کریں گے۔ عوام کو درپیش مشکلات، سرکاری اداروں کی غفلت، بنیادی سہولیات کی کمی اور دیگر اہم معاملات کو ذمہ داری اور دیانتداری کے ساتھ اعلیٰ حکام تک پہنچایا جائے گا۔ پریس کلب فرینڈز گروپ کے تمام عہدیداران اور ممبران کا کہنا ہے کہ صحافت ایک مقدس ذمہ داری ہے اور اس کا مقصد صرف خبریں دینا نہیں بلکہ عوام کے حقوق کی حفاظت اور ان کی آواز کو طاقتور حلقوں تک پہنچانا بھی ہے۔ نواحی علاقوں میں جہاں کہیں بھی ناانصافی، زیادتی یا عوامی مسائل سامنے آئیں گے، پریس کلب فرینڈز گروپ عارف والا ان کی بھرپور نمائندگی کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام اور انتظامیہ کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار ادا کرتے ہوئے ہر جائز مسئلے کو متعلقہ محکموں، ضلعی انتظامیہ اور اعلیٰ افسران تک پہنچایا جائے گا تاکہ مسائل کے حل کو یقینی بنایا جا سکے۔ پریس کلب فرینڈز گروپ عارف والا ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہے گا اور کسی دباؤ یا مفاد کے بغیر عوامی مفاد کی صحافت جاری رکھے گا۔ پریس کلب فرینڈز گروپ عارفوالا کے تمام صحافی دوستوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ وہ علاقے کی ترقی، تعلیم، صحت، صاف پانی، سیوریج اور دیگر بنیادی سہولیات کے مسائل کو بھرپور انداز میں اجاگر کریں گے تاکہ عوام کی مشکلات کم ہوں اور ذمہ دار ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ ہم عوام کی آواز ہیں، ہم مظلوم کی امید ہیں، اور ہم حق و سچ کی طاقت ہیں اجلاس کے آخر میں میاں محمد حفیظ جوئیہ نے پر تکلف کھانے کا اہتمام کیا اور شکریہ ادا کیا من جانب حاجی محمد ارشد جاوید سرپرست اعلیٰ فرینڈز گروپ

پاکستان ایسوسی ایشن آف الٹرنیٹو میڈیسن کی سیلز ٹیکس پر تشویش

محمد کاشف اسلم ملک نے وفاقی حکومت سے ٹیکس ختم کرنے کا مطالبہ کیا

لاہور (کائی نیوز) پاکستان ایسوسی ایشن آف الٹرنیٹو میڈیسن(PAAM) کے مرکزی صدر محمد کاشف اسلم ملک نے متبادل ادویات پر 18 فیصد سیلز ٹیکس (GST) کے نفاذ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بجٹ میں اس ٹیکس کو فوری طور پر ختم کیا جائے۔ مرکزی صدر کے مطابق، اس وقت متبادل ادویات کی انڈسٹری شدید معاشی دباؤ میں ہے اور 18 فیصد سیلز ٹیکس کے باعث خام مال، پیکنگ اور لاجسٹکس کے اخراجات میں ہونے والا بے تحاشا اضافہ انڈسٹری کی کمر توڑ چکا ہے، جس سے نہ صرف 5 لاکھ سے زائد براہِ را

بقیہ 1

اقساط ادا کردیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے ذریعے خریف کی فصل کے زرعی مداخل کے لئے 90 ارب روپے کا شکاروں کو مل گئے۔ تین لاکھ کاشتکاروں نے 30 ارب روپے کے زرعی مداخل کسان کارڈ کے ذریعے حاصل کر لیے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا ہے کہ کسان کارڈ کے ذریعے پنجاب کے کاشتکار کی قسمت بدل رہی ہے۔ پنجاب کا کاشتکار اب کسی آڑھتی کا مقروض نہیں ہوگا، سر اٹھا کر جیئے گا۔ پنجاب کے کاشتکار کو مالی خودمختاری اور خوشحالی کی راہ پر دیکھنا میرا خواب ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کاشتکار بھائیوں نے زرعی قرضوں کی بروقت ادائیگی کر کے شاندار مثال قائم کی ہے۔

بقیہ 2

نواز شریف گلگت بلتستان کے الیکشن کمیشن سے این او سی لیکر وہاں گئے تھے، کوئی حکومتی وزیر گلگت بلتستان نہیں گیا نہ کسی نے وہاں مہم چلائی۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پی ٹی آئی کے چیئرمین گوہر خان گلگت بلتستان میں جلسے کر رہے ہیں، میٹنگز کر رہے ہیں انہیں تو کوئی نہیں روک رہا۔ رانا ثنا نے کہا کہ اگر بیرسٹر گوہر خان اجازت لیکر جاسکتے ہیں تو سلمان اکرام راجا کو بھی ایسا ہی کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں پی ٹی آئی کا کوئی اُمیدوار مقابلے میں ہے ہی نہیں، وہاں صاف، شفاف اور کریڈیبل انتخابات ہونگے۔

بقیہ 3

احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ وزیر تعلیم پنجاب نے نجی اسکولوں میں سمر کیمپ ایس او پیز کی خلاف ورزی کا نوٹس لے لیا، متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اسکولوں کی فعال نگرانی اور خلاف ورزیوں پر کارروائی کی جائے۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ سمر کیمپ صرف پیرتا جمعرات، صبح 7 سے 10 بجے تک جاری رکھنے کی اجازت ہے، سمر کیمپ کی اجازت صرف ایک ماہ کیلئے، مقررہ اوقات سے تجاوز ممنوع ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ والدین کی رضامندی کے بغیر بچوں کو سمر کیمپ میں نہیں بلایا جاسکتا، اسکول بچوں کو سمر کیمپ میں شرکت کیلئے زبردستی نہیں کرسکتے، سمر کیمپ قواعد کی خلاف ورزی پر والدین شکایت سیل سے فوری رابطہ کریں۔

بقیہ 4

احسن اقبال نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں جاری ترقیاتی منصوبے مسلم لیگ (ن) کی عوامی خدمت، ترقیاتی وژن اور عملی کارکردگی کا واضح ثبوت ہیں، وفاقی حکومت وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں خطے کی توانائی، مواصلات اور بنیادی ڈھانچے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے تاریخی منصوبوں پر تیزی سے کام کر رہی ہے، ماضی میں شروع کیے گئے اہم منصوبوں کو بھی تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے اپنی تقریر میں انہیں یاد کیا جس پر وہ ان کے شکر گزار ہیں۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی خدمت میں مدبانہ عرض ہے کہ جس ''دائیں ہاتھ کے کام'' کا ذکر کیا گیا، اس پر وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں 24 ارب روپے کی لاگت سے 100 میگاواٹ کے سولر منصوبے پر عملی کام کا آغاز ہو چکا ہے۔ اسی طرح ملتر بائیڈل پاور پراجیکٹ، جس کی بنیاد مسلم لیگ (ن) نے رکھی تھی لیکن پی ٹی آئی دور میں فنڈز کے اجرا میں تعطل کے باعث تاخیر کا شکار ہوا، اب تکمیل کے آخری مراحل میں ہے اور رواں سال مکمل ہو جائے گا۔ احسن اقبال نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے گلگت بلتستان کے لیے ریجنل گرڈ کے تاریخی منصوبے کا بھی آغاز کیا، جس سے پہلی مرتبہ علاقے میں بجلی کی ترسیل کا ایک جدید اور پائیدار نظام قائم ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آج گلگت بلتستان میں جہاں بھی کوئی بڑا ترقیاتی منصوبہ نظر آتا ہے، خواہ وہ شاہراہوں کی تعمیر ہو، ہسپتال ہوں، یونیورسٹیاں ہوں، کھیلوں کے میدان ہوں یا توانائی کے منصوبے، ان سب پر مسلم لیگ (ن) کی خدمت اور کارکردگی کی واضح چھاپ موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کو بھی گلگت بلتستان میں حکومت کرنے کا موقع ملا، لیکن وہ کوئی ایک ایسا بڑا ترقیاتی منصوبہ نہیں گنوا سکتی جو آج عوام کی زندگی میں نمایاں تبدیلی کا سبب بنا ہو۔ احسن اقبال نے دہرایا کہ سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف نے ایک تاریخی فیصلے کے ذریعے گلگت بلتستان کا ترقیاتی بجٹ دوگنا کیا تھا۔ انہی وسائل اور ترقیاتی وژن کی بدولت مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے حافظ حفیظ الرحمن کی قیادت میں گلگت بلتستان میں تعمیر و ترقی کا ایک نیا باب رقم کیا، جس کے ثمرات آج بھی عوام محسوس کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے گلگت بلتستان میں پی ٹی آئی کی طرح صرف وعدے نہیں کیے بلکہ خدمت، کارکردگی اور عوام کی زندگیوں میں حقیقی بہتری لانا ہے، اور انشاء اللہ یہ سفر مزید تیزی سے جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 5

بینک گروپ کی جانب سے پاکستان کے ساتھ دیرینہ اور پائیدار تعاون کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی افرادی قوت کو تیزی سے بدلتی عالمی معیشت کے تقاضوں کے مطابق تیار کرنا ضروری ہے، وہ بدھ کو یہاں عالمی بینک گروپ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کر رہے تھے جس کی قیادت انسانی ترقی (صحت، تعلیم اور سماجی تحفظ) کی نائب صدر متمارتھی کر رہی تھیں۔ عالمی بینک کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر بولور ما آمگابازر، انسانی ترقی کی علاقائی ڈائریکٹر کیکو اینوئی، ہیلتھ پریکٹس مینیجیرین ورکی اور آئی ایف سی کے ڈائریکٹر سائمن اینڈریو بھی وفد میں شامل تھے۔ وزیر خزانہ نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے عالمی بینک گروپ کی جانب سے پاکستان کے ساتھ مسلسل شراکت داری کو سراہا اور ملک کی ترقیاتی اور اصلاحات کے ترجیحات میں گروپ کے تعاون کا اعتراف کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے معاشی استحکام کی بحالی کے حوالے سے اہم پیشرفت کی ہے اور حکومت کی توجہ اب صحت، تعلیم، مہارتوں کی ترقی اور سماجی تحفظ میں ہدف پر مبنی سرمایہ کاری کے ذریعے سماجی اور انسانی ترقی کے نتائج بہتر بنانے پر مرکوز ہے۔ انہوں نے پاکستان کے لئے ورلڈ بینک کے طویل المدتی کنٹری پارٹنر شپ فریم ورک کے تحت قابل پیمائش نتائج اور موثر عمل درآمد پر مضبوط توجہ برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ غیر رسمی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے اقدامات شامل کئے جا رہے ہیں، کاروبار دوست پالیسیوں کی بدولت ملکی معیشت مستحکم ہوئی اور بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا، ایسی صنعتوں کے فروغ کے لئے کوشاں ہیں جن سے ملکی پیداوار بڑھے، برآمدات میں اضافہ ہو اور ملازمتوں کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ صنعت، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں ترقی سے معیشت کو مزید استحکام ملے گا اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، نوجوانوں کیلئے تکنیکی و فنی تربیت کے پروگرام شروع کئے ہیں تاکہ ان کو روزگار ملنے میں آسانی ہو اور وہ قومی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ وفد نے خطے میں امن کی بحالی کے لئے پاکستان کی سفارتی کوششوں پر وزیر اعظم اور ان کی ٹیم کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا، کاروباری رہنماؤں نے وزیر اعظم کی قیادت میں معاشی بحالی کے سفر اور بہتر مالیاتی انتظام پر اعتماد کا اظہار کیا۔ وفد نے ملکی معیشت کو درست سمت میں گامزن کرنے اور کاروبار و سرمایہ کاری کیلئے موزوں ماحول فراہم کرنے پر وزیر اعظم اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔ کاروباری رہنما کا کہنا تھا کہ ڈیجیٹل ادائیگیوں اور دستاویزی معیشت کے فروغ کے حکومتی وژن کو سراہتے ہیں، وفد نے ٹیکس اصلاحات اور کاروباری آسانیوں کے فروغ کے اقدامات کا خیر مقدم کیا۔ کاروباری رہنماؤں نے صنعتوں کیلئے بجلی کے نرخوں میں کمی لانے، ایکسپورٹ ڈیولپمنٹ لیوی کے خاتمے اور ٹیکس ریفنڈ کی بروقت ادائیگیوں پر وزیر اعظم سے اظہار تشکر کیا، شرکاء نے آئندہ بجٹ کی تیاری میں کاروباری برادری کو اعتماد میں لینے کے اقدام کو سراہا۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے کہا کہ کاروباری رہنماؤں نے قومی معیشت کی مضبوطی اور بجٹ کے حوالے سے اپنی تجاویز وزیر اعظم کو پیش کیں۔ کاروباری برادری نے معاشی بحالی اور ترقی کیلئے حکومت کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا، وفد کے شرکاء نے صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے حکومتی عزم کو سراہا۔

بقیہ 8

خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ پچھلی دفعہ بھی الیکشن مہم کے دوران چلاس آیا تھا، گزشتہ الیکشن میں پیپلز پارٹی کو سب سے زیادہ ووٹ ملے تھے، بدقسمتی سے ہم سے 9 سیٹیں چھین لی گئی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ غریب دشمن منشور رکھنے والی جماعتیں الیکشن کو منیج کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، پیپلز پارٹی صرف عوام کی طرف دیکھ رہی ہے، سات جون کو عوام کی طاقت سے جیتیں گے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ سات جون کو جیالا وزیراعلیٰ منتخب کرائیں گے، عوام تیر پر مہر لگائیں میں حکومت بنا کر دکھاؤں گا، چلاس کے لوگوں سے ہمارا تین نسلوں کا ساتھ ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شہید محترمہ نے دو آمروں کو للکارا تھا اور تاریخ رقم کی تھی، وہ غریبوں کی آواز تھیں، سازشی عناصر نے انہیں بھی شہید کرا دیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ آصف علی زرداری نے اٹھارہویں ترمیم کو بحال کیا، صدر آصف زرداری نے روٹی، کپڑا، مکان کے نعرے پر عملی طور پر کام کیا، آنے والے بجٹ میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے بجٹ میں اضافہ کریں گے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ سات جون کے بعد پیپلز پارٹی کی حکومت بن رہی ہے، ہم عوام سے کیے وعدوں کو پورا کریں گے، وفاق سے کہتا ہوں دیامر بھاشا ڈیم مکمل کرو، نریندر مودی حکومت آبی جارحیت کر رہی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف صاحب! ہم نے لاہور پیپلز کا سنا ہے، شہباز شریف دیامر کی عوام کو شہباز پیپلز دکھائے، وفاق سے مطالبہ ہے کہ پہلے دیامر بھاشا ڈیم مکمل کیا جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ صدر زرداری کی حکومت سازش کے تحت ختم نہ کی گئی ہوتی تو دیامر بھاشا ڈیم بن چکا ہوتا، صدر زرداری 18 ویں ترمیم نہ کرتے تو یہ موٹروے وغیرہ نہیں بنا سکتے تھے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ دیامر بھاشا ڈیم کی تکمیل کے بعد ہی پی ایس ڈی پی سے کسی اور منصوبے کے لیے اینٹ لگائی جائے، ایٹم بم اور میزائل ٹیکنالوجی کا تحفہ پیپلز پارٹی نے دیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آمر کے دور میں فوجی اڈوں کی اجازت دی گئی تھی، ایک قیدی 420 کہتا ہے کہ اس نے ایبسولیٹلی ناٹ کہا تھا، تم نے ایبسولیٹلی ناٹ کس چیز کا کہا؟ مشرف حکومت کے بعد مردِ حر کی حکومت تھی جس نے ایک لات مار کر تمام پیسز بند کیے تھے۔ اُن کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کا تیسرا بڑا کارنامہ فوجی اڈوں کو بند کرنا تھا، یہ بہادری صرف پیپلز پارٹی نے دکھائی تھی، ہنری کسنجر نے شہید بھٹو کو کہا تھا ایٹم بم نہ بنائیں، شہید بھٹو نے جان کی قربانی دیدی مگر پاکستان کو ایٹمی قوت بنایا۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ آج بھی پاکستان کو ایسی جماعت کی ضرورت ہے جو دنیا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کرے

بقیہ 9

سننے سے انکار کر دیا۔ وفاقی ٹیکس محتسب نے ٹیکس چوری اور سیلز ٹیکس رجسٹریشن کی معطلی سے متعلق شکایت کو نمٹاتے ہوئے کہا کہ ادارہ نہ تو غیر سنجیدہ شکایات کو زیرِ غور لاتا ہے اور نہ ہی ایسے معاملات کو جن پر پہلے ہی عدالتوں میں کارروائی جاری ہو۔ یہ کیس بنیادی طور پر ٹیکس انتظامیہ کی مبینہ طریقہ کار کی خلاف ورزیوں سے متعلق تھا، تاہم متوازی عدالتی کارروائی کے باعث یہ الیف ٹی او کے دائرہ اختیار سے باہر قرار پایا، یہ شکایت فیڈرل محتسب آرڈیننس 2000 کے سیکشن 10(1) کے تحت دائر کی گئی تھی جس میں شکایت کنندہ کے سیلز ٹیکس رجسٹریشن نمبر (ایس ٹی آر این) کی معطلی کو چیلنج کیا گیا۔ موقف اختیار کیا گیا کہ دو مئی 2025 کو بغیر پیشگی نوٹس اور بغیر سماعت کا موقع دیے رجسٹریشن معطل کی گئی جو سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے سیکشن 21 سیلز ٹیکس رولز 2006 کے رول بارہ اور سندھ ہائی کورٹ کے متعلقہ فیصلوں کے خلاف ہے۔ کہا گیا کہ قانون کے مطابق ایسی معطلی عارضی ہوتی ہے اور اگر نوے دن کے اندر بلیک لسٹنگ کا حکم جاری نہ کیا جائے تو یہ خود بخود غیر مؤثر ہو جاتی ہے، شکایت کے مطابق مقررہ مدت گزرنے کے باوجود نہ تو بلیک لسٹنگ آرڈر جاری کیا گیا اور نہ ہی ایس ٹی آر این بحال کیا گیا جس سے کاروباری سرگرمیوں میں خلل اور مالی نقصان ہوا تاہم ریونیو ڈویژن نے اپنے موقف میں شکایت کنندہ کے ٹیکس گوشواروں پر سنگین تحفظات اٹھائے۔ بتایا گیا کہ برف کے بلاکس بنانے والے کے طور پر رجسٹرڈ ادارے نے بغیر کسی متعلقہ ٹیکس ادائیگی کے 19 ملین روپے سے زائد کی غیر معمولی کیری فارورڈ رقم ظاہر کی، اس تضاد کے نتیجے میں ممکنہ طور پر 70 ملین روپے سے زائد کی سیلز ٹیکس ذمہ داری سامنے آئی، جبکہ حکام نے اس بات پر بھی سوال اٹھایا کہ برف جیسے جلد خراب ہونے والے کاروبار میں اتنی بڑی مقدار میں اسٹاک برقرار رکھنا مشکل ہے۔ سماعت کے دوران یہ بات بھی کھلی کہ شکایت کنندہ نے ایف ٹی او سے رجوع کرنے کے بعد سندھ ہائی کورٹ میں آئینی درخواست بھی دائر کر رکھی ہے جس میں معطل شدہ رجسٹریشن کی بحالی کا ریلیف طلب کیا گیا تھا۔ محتسب نے قرار دیا کہ دونوں فورمز پر ایک ہی نوعیت کا ریلیف طلب کیا جا رہا ہے اس صورتحال کے پیشِ نظر ایف ٹی او نے قرار دیا کہ معاملہ سب جوڈس ہو چکا ہے لہٰذا فیڈرل ٹیکس محتسب آرڈیننس 2000 کے سیکشن 9(2)(a) کے تحت یہ ادارے کے دائرہ اختیار سے باہر ہے جو زیرِ سماعت عدالتی مقدمات میں مداخلت سے روکتا ہے چنانچہ شکایت کو مزید کارروائی کے بغیر بند کر دیا گیا اور کیس ریکارڈ محفوظ کر لیا گیا۔

بقیہ 10

کو آرٹس، ثقافت، سائنس، ٹیکنالوجی، ہنر اور کھیلوں کے شعبوں میں مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کا آغاز 2013 میں نواز شریف کے دور میں نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے لئے کیا گیا، پروگرام کے تحت ملک بھر میں لیپ ٹاپ، وظائف اور آسان قرضوں کی فراہمی کا آغاز کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نوجوانوں کے بجٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتے، نوجوانوں کی ترقی کے لئے وزیراعظم نے تمام بجٹ تجاویز منظور کر لیں۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال فنی تعلیم کے لئے 19 ارب روپے کی خطیر رقم منظور کی گئی، ملک کی تاریخ کا سب سے بڑا تکنیکی تعلیم کا پروگرام شروع کیا جا رہا ہے، فنی تربیت کے ساتھ ساتھ سکلز اور اخلاقی تربیت بھی دی جا رہی ہے، بیرون ملک روزگار کے مواقع کے مطابق زبانوں کی تربیت کا آغاز کر دیا گیا، جاپانی، عربی، انگریزی، کورین، جرمن اور فرانسیسی زبانوں کے کورسز شروع کر دیئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کی ٹیمیں 17 ممالک میں نوجوانوں کے مواقع تلاش کر رہی ہیں، ڈیجیٹل یوتھ ہب نوجوانوں کے لئے مرکزی پلیٹ فارم بن چکا ہے، ڈیجیٹل یوتھ ہب کا افتتاح گزشتہ سال وزیراعظم شہباز شریف نے کیا تھا، ڈیجیٹل یوتھ ہب پر 8 لاکھ سے زائد نوجوان رجسٹر ہو چکے ہیں، روزانہ اوسطاً 4 ہزار 800 نوجوان ڈیجیٹل یوتھ ہب پر رجسٹریشن کر رہے ہیں، ڈیجیٹل یوتھ ہب پر 2 ہزار سے زائد کمپنیاں رجسٹرڈ ہیں، پلیٹ فارم پر پاکستان اور بیرون ملک ہزاروں ملازمتوں کے مواقع دستیاب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یوسیف کے تعاون سے ڈیجیٹل یوتھ ہب نوجوانوں کی فلاح کے لئے فعال کردار ادا کر رہا ہے، پنجاب ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کی طرز پر پاکستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کا آغاز کر دیا گیا، پاکستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ سے ملک بھر کے مستحق طلبہ کو فائدہ پہنچے گا، نوجوان پاکستان کا سب سے قیمتی سرمایہ ہیں، ان کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ پاکستان میں یو این ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ نے کہا کہ پاکستان کے با صلاحیت نوجوان ملک کا اثاثہ ہیں، حکومت ان نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے لئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ پاکستان میں یوسیف کی نمائندہ پیرنیلا ارئن سائیڈ نے کہا کہ پاکستان میں اڑھائی کروڑ بچے سکول سے باہر ہیں، نوجوانوں کو عالمی سطح اور مارکیٹ کی ضروریات اور معیار کے مطابق ہنر مند بنانے کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم یوتھ پروگرام کے جائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر محمد علی ملک نے وزیراعظم یوتھ پروگرام کی جانب سے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے لئے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ حکومت کے اقدامات سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہونے کے لئے جید ڈیجیٹل یوتھ پر رجسٹریشن کرائیں۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام یوسیف اور جزیشن ان لمیٹڈ کے تعاون سے یہ پروگرام شروع کیا گیا ہے۔

بقیہ 11

ریکوڈک، سینڈک اور دیگر منصوبوں میں بہتری سے معدنی ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوا۔ معدنی شعبے کے لیے قومی فنڈ، ایک جیسے قوانین اور جدید لائسنسنگ نظام متعارف کرایا گیا۔ جیو سائنس ایڈوانس ریسرچ لیبز کی بحالی کے بعد عالمی معیار کی سرٹیفکیشن حاصل کر لی گئی۔ فین لینڈ کی کمپنی مشو کی جانب سے ریکوڈک سمیت دیگر منصوبوں میں سرمایہ کاری اور مقامی تربیتی پروگرام کا آغاز کیا گیا۔ پاک سالٹ اور چینی کمپنی کے درمیان نمک کی صنعت میں اہم شراکت داری قائم ہوئی۔ آزاد کشمیر میں تقریباً دو سال بعد مائننگ لائسنسز بحال کر دیئے گئے، جس سے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوئے۔ پاکستان کی معدنی برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا، اور چین کو تانبا، زنک، کرومائٹ اور ایلومینیم کی برآمدات ریکارڈ سطح تک پہنچیں۔ جیولوجیکل سروے آف پاکستان کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے جدید تربیتی پروگرام شروع کیے گئے۔ ایس آئی ایف سی کے تین سالہ اقدامات نے معدنی شعبے کو ترقی، سرمایہ کاری اور برآمدات کا اہم مرکز بنا دیا۔

بقیہ 12

افرادی قوت کی تیاری کے مقصد سے نیشنل سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم نے سائبر سیکیورٹی انٹرن شپ پروگرام شروع کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پروگرام کے تحت زیرِ تعلیم طلبہ اور حالیہ گریجویٹس کو 6 ہفتوں پر مشتمل عملی تربیت فراہم کی جائے گی۔ انٹرن شپ پروگرام کے لیے درخواستیں 16 جون تک آن لائن جمع کرائی جا سکتی ہیں جبکہ پروگرام میں طلبہ اور حالیہ گریجویٹس شرکت کے اہل ہوں گے۔ حکام کے مطابق تربیتی پروگرام میں انسٹرکٹر لیڈ ٹریننگ، سافٹ ویئر ٹیسٹنگ اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) ڈویلپمنٹ سے متعلق عملی سیکھنے کے مواقع بھی فراہم کیے جائیں گے۔ نیشنل سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم کے مطابق انٹرنیز کو سائبر سیکیورٹی کے ماہرین کے ساتھ براہ راست کام کرنے کا موقع ملے گا اور وہ حقیقی سائبر سیکیورٹی منصوبوں پر عملی تجربہ حاصل کر سکیں گے۔ پروگرام کے تحت منتخب امیدواروں کو ماہرین کی جانب سے تربیت اور مینٹورشپ بھی فراہم کی جائے گی تاکہ وہ سائبر سیکیورٹی کے شعبے میں عملی مہارتیں حاصل کر کے مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تیار ہو سکیں۔

بقیہ 13

بابر یوسفزئی کے مطابق عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، یہ اقدام بھی شہریوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا ہے۔ معاون برائے محکمہ داخلہ نے یقین دہانی کروائی کہ حالات معمول پر آتے ہی موبائل فون انٹرنیٹ سروس بحال کر دی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے مطابق موبائل ڈیٹا سروس سیکیورٹی خدشات کی بنا پر معطل کی گئی۔

بقیہ 14

بلال یاسین کی زیرِ صدارت پنجاب ڈویلپمنٹ پلان کی کارکردگی بارے اہم اجلاس ہوا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر 15 اضلاع میں نکاسی آب کے جاری منصوبوں بارے جائزہ لیا گیا۔ وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین نے 161 سائٹس پر جاری تعمیراتی کاموں کی رفتار اور کام کے معیار بارے اہم ڈیز سے بذریعہ ویڈیو لنک دریافت کیا۔ ڈی جی واسا پنجاب طیب فرید اور پراجیکٹ ڈائریکٹر نے مقررہ اہداف اور موجودہ صورتحال بارے بریفنگ دی۔ وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے منصوبوں کی بروقت تکمیل اور مقررہ اہداف کے حصول کی ہدایت کردی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ ترقیاتی سکیموں میں حائل رکاوٹوں اور درپیش مسائل کا جائزہ لے کر فوری حل کیا جائے۔ منصوبوں کے معیار، شفافیت اور پائیداری کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ بلال یاسین نے واضح کیا کہ عوام کو بہتر شہری سہولیات کی فراہمی کیلئے آئندہ مالی سال میں مزید تیزی لائی جائے گی۔ ترقیاتی منصوبوں کے دوران عوامی مشکلات کو کم سے کم رکھا جائے اور متبادل انتظامات یقینی بنائے جائیں۔

بقیہ 15

جماعت پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے درمیان اتفاق بھی ہو گیا ہے، بجٹ میں معاشی شرح نمو کا ہدف 4.1 فیصد تجویز ہے جبکہ اوسط مہنگائی 4.8 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کا کہنا تھا کہ حکومت اور پی پی پی کے درمیان اہم مشاورتی اجلاس ہوا، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے پیپلز پارٹی قیادت سے ملاقات کی ہے، جس میں وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، نوید قمر، شیری رحمان اور سلیم مانڈوی والا شریک ہوئے، وزیر مملکت برائے خزانہ وریلوے بلال اظہر کیانی اور معاون خصوصی طارق باجوہ بھی اجلاس میں شریک تھے، جس میں سندھ کے ترقیاتی اور آبی منصوبوں سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ وفاقی سیکرٹری خزانہ امداد اللہ بوسال اور چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) راشد محمود لنگڑیال نے بجٹ امور پر بریفنگ دی، اجلاس میں آئندہ مالی سال کے بجٹ، ترقیاتی منصوبوں اور معاشی ترجیحات پر تفصیلی مشاورت کی گئی اور موجودہ اخراجات اور ترقیاتی بجٹ کی ترجیحات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا، مالیاتی استحکام، عوامی فلاح اور جامع اقتصادی ترقی سے متعلق امور زیر بحث آئے، مالی سال 27-2026 کے لیے معاشی حکمت عملی اور ترقیاتی اہداف پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ حکام کے مطابق بجٹ 27-2026 10 جون کو پیش کرنے کی وزیراعظم کو سفارش پر اتفاق کیا گیا ہے، ذرائع نے بتایا حکومت اور اتحادی جماعتوں کے درمیان بجٹ پر مشاورتی عمل جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا اور عوامی فلاح، ترقیاتی منصوبوں اور معاشی استحکام کے بجٹ کی اہم ترجیحات قرار دیا گیا، وفاقی بجٹ کی تیاری کے سلسلے میں اتحادی جماعتوں سے مشاورت کا عمل آخری مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے آئندہ مالی سال 27-2026 کے وفاقی بجٹ کا حجم 1.17 ٹریلین روپے، معاشی شرح نمو کا ہدف 1.4 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ جلد وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس ہوگا جس میں اگلے مالی سال کے لیے پی ایس ڈی پی، سالانہ ترقیاتی منصوبے کی منظوری دی جائے گی جس کے بعد اقتصادی کارکردگی پر مشتمل رواں مالی سال کا قومی اقتصادی سروے جاری ہوگا۔ وزارت خزانہ ذرائع کا کہنا ہے کہ بجٹ 27-2026 کا حجم 1.17 ٹریلین روپے، معاشی شرح نمو کا ہدف 1.4 فیصد تجویز ہے جبکہ اوسط مہنگائی 4.8 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ قرضوں پر سود کے لیے 7 ہزار 824 ارب رکھنے، دفاعی شعبے کے لیے 2 ہزار 665 ارب رکھنے کی تجویز ہے، نان ٹیکس ریونیو کا ہدف 2768 ارب روپے متوقع ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں بھی 7 سے 10 فیصد تک اضافے کا امکان ہے جبکہ تنخواہوں میں اضافے کے معاملے پر بجٹ سے پہلے ہی حکومت اور سرکاری ملازمین کے درمیان تنازع بھی شروع ہو گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ حکومت نے ملازمین اور پنشنرز کو مہنگائی کے تناسب سے ریلیف دینے کا عندیہ دیا ہے تاہم سرکاری ملازمین نے تنخواہوں اور پنشن میں 100 فیصد تک اضافے کا مطالبہ کر رکھا ہے، سرکاری ملازمین کی تنظیم کی جانب سے بجٹ سے ایک روز پہلے وزارت خزانہ اور بجٹ والے دن پارلیمنٹ کے سامنے دھرنا دینے کا عندیہ دیا ہے اور واضح کیا ہے کہ اگر چارٹر آف ڈیمانڈز پر عمل نہ کیا گیا تو بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ 16

رہے گا۔ ذرائع کے مطابق عید کے پہلے اور دوسرے روز صبح ساڑھے 7 بجے سے رات 12 بجے تک گیس بحال رہے گی۔ عید کے تیسرے روز صبح ساڑھے 7 بجے سے رات 10 بجے تک گیس سپلائی بحال رہے گی۔

بقیہ 17

جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔ کابینہ کمیٹی نے سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی وتعزیت کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔ کابینہ کمیٹی نے صوبہ بھر میں تمام عبادت گاہوں، حساس تنصیبات، مویشی منڈیوں اور بین الصوبائی بارڈر چیک پوسٹس پر سکیورٹی بڑھانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں عیدالاضحیٰ اور محرم الحرام سے قبل تمام سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو فول پروف سکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ کابینہ کمیٹی نے پاکستان آسٹریلیا کرکٹ میچز کے تمام انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ اجلاس سے خطاب میں چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب بھر میں امن وامان کی تازہ صورتحال پر مسلسل نظر رکھی جا رہی ہے اور قانون نافذ کرنے والے ادارے قیام امن کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فورتھ شیڈولرز اور مشکوک افراد کی کڑی نگرانی یقینی بنائی جائے جبکہ تمام اضلاع میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر صوبے بھر میں سکیورٹی، صفائی اور شہری سہولیات کے موثر انتظامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ ون ویلنگ اور ہلڑ بازی کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر اطلاعات، جنرل منیجر پاور تربیلا، جنرل منیجر اور پراجیکٹ ڈائریکٹر تربیلا پانچھاں توسیعی منصوبہ، ایڈوائزر پراجیکشن واپڈا، چوتھے اور پانچویں توسیعی منصوبے کے ایڈوائزر اور پراجیکٹ ڈائریک

ڈاہرانوالہ میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے گئے

ڈی پی او محمد عمران کی کھلی کچہری میں عوامی مسائل کے حل کی یقین دہانی

بہاول نگر (ڈپٹی بیورو چیف محمد وسیم ستار) بہاول نگر۔۔۔ تھانہ ڈاہرانوالہ میں عوامی مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری، ڈی پی او بہاولنگر نے شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈاہرانوالہ: عوام اور پولیس کے درمیان رابطوں کو مزید مؤثر بنانے اور شہریوں کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے مقصد سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر محمد عمران نے تھانہ ڈاہرانوالہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، اس موقع پر ایس ڈی پی او سرکل چشتیاں محمد اکمل بسرا سمیت دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے، کھلی کچہری میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے شرکت کی اور زمینی تنازعات، مقدمات، پولیس کارروائیوں اور دیگر معاملات سے متعلق اپنی شکایات اور مسائل پیش کیے، ڈی پی او محمد عمران نے ہر درخواست گزار کو مکمل توجہ سے سنا اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے شکایات کے بروقت ازالے کی تاکید کی، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او محمد عمران نے کہا کہ پولیس کا بنیادی مقصد عوام کے جان و مال کا تحفظ اور انہیں فوری انصاف کی فراہمی ہے، انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کے جائز مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام درخواستوں کو شفاف انداز میں میرٹ کے مطابق نمٹایا جائے گا، انہوں نے تھانہ ڈاہرانوالہ کے افسران اور اہلکاروں کو ہدایت کی کہ تھانے میں آنے والے ہر شہری کے ساتھ خوش اخلاقی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جائے، کیونکہ عوام کا اعتماد ہی پولیس کی اصل طاقت ہے، ان کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام کو براہ راست اپنی بات اعلیٰ پولیس حکام تک پہنچانے کا موقع فراہم کرنا ہے تاکہ مسائل کے حل میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا جا سکے، کھلی کچہری میں سماجی، کاروباری اور صحافتی حلقوں کی نمایاں شخصیات نے بھی شرکت کی، صدر سٹی پریس کلب و مرکزی انجمن تاجران ڈاہرانوالہ حاجی نعیم خالد کی قیادت میں تاجر و صحافی نمائندگان بھی موجود تھے جنہوں نے عوامی مسائل کے حل کے لیے ایسے اقدامات کو خوش آئند قرار دیا، شرکاء نے امید ظاہر کی کہ کھلی کچہریوں کا یہ سلسلہ جاری رہنے سے عوام اور پولیس کے درمیان باہمی اعتماد میں اضافہ ہوگا اور شہریوں کو انصاف کے حصول میں مزید آسانیاں میسر آئیں گی۔

چشتیاں میں دکانوں کی بندش کے اوقات کی خلاف ورزی، کارروائی کا مطالبہ

وزیر اعلیٰ کی کفایت شعاری پالیسی کی چشتیاں میں خلاف ورزی، فوری نوٹس لیا جائے

بہاولنگر (ڈسٹرکٹ بیورو چیف بہاولنگر رانا شاہد عظیم سے) ضلعی و تحصیل انتظامیہ کی غفلت لاپرواہی کی بنا پر چشتیاں شہر کے بعض علاقوں میں دکانیں وٹی سٹال رات 12 بجے کے بعد تک کھول کر کفایت شعاری پالیسی کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی جارہی ہے اور خلاف ورزی بارے اسسٹنٹ کمشنر چشتیاں کو موبائل فون میسج کے ذریعے آگاہ کیا گیا لیکن انہوں نے کوئی نوٹس نہیں لیا اور قاضی والا روڈ کے ٹی سٹال پر رات 12 بجے کے بعد تک کھول کر مہنگے داموں چائے پلائی جارہی تھی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی کفایت شعاری پالیسی کے تحت پنجاب بھر میں کاروباری اوقات کار دکانیں، کریانہ اسٹور زاور سبزی شاپس وغیرہ رات 9 بجے تک، شادی ہال، مارکی و دیگر تقریبات رات 10 بجے تک جبکہ ریسٹورینٹس، ٹی سٹال کیفے، سینما ہاؤس و کھانے پینے کے دیگر سٹالز رات 11 بجے بند کرنے کی ہدایت کی گئی ہے چشتیاں کی سیاسی سماجی کاروباری تنظیموں کے کارکنوں نے ڈپٹی کمشنر بہاولنگر و کمشنر بہاولپور سے اپنے مطالبہ میں کہا ہے کہ چشتیاں کی سینما روڈ، قاضی والا روڈ، کالج روڈ، شوگر ملز روڈ، مین بازار میں دکانیں، ٹی سٹال کھولنے والوں کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے۔

چیئرپرسن وزیر اعلیٰ شکایت سیل صائمہ فاروق کا عوامی اعتماد پر زور

کھلی کچہریوں کے ذریعے شہریوں کے مسائل کے حل کی یقین دہانی

ساہیوال (رانا محمد اشرف جوئیہ سے) چیئرپرسن وزیر اعلیٰ شکایت سیل صائمہ فاروق نے کہا ہے کہ عوام کا اعتماد ہی حکومت کی اصل طاقت ہے اور یہ اعتماد عوام دوست طرز حکمرانی سے مزید مستحکم ہوتا ہے۔ کھلی کچہریاں شہریوں کی آواز بلا واسطہ حکومتی نمائندوں تک پہنچانے کا بہترین ذریعہ ہیں جن سے عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف اور ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ساہیوال آرٹس کونسل میں منعقدہ کھلی کچہری کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سید اللہ فاروق اور ڈی پی او محمد عثمان ٹیپو سمیت تمام سرکاری محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے مختلف محکموں سے متعلق اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ مجموعی طور پر 271 درخواستیں موصول ہوئیں جنہیں متعلقہ افسران کے سپرد کرتے ہوئے فوری کارروائی اور مقررہ مدت میں حل کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ چیئرپرسن وزیر اعلیٰ شکایت سیل صائمہ فاروق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں کھلی کچہریوں کا انعقاد عوام اور حکومت کے درمیان فاصلے کم کرنے اور شہریوں کو براہ راست اپنی شکایات پیش کرنے کا موقع فراہم کرنے کے لیے کیا جارہا ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ موصول ہونے والی درخواستوں پر فوری پیش رفت یقینی بنائی جائے اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ صائمہ فاروق نے مزید کہا کہ کسی بھی شہری کی جائز شکایت کو نظر انداز نہیں کیا جائے گا اور تمام محکمے عوامی خدمت کے جذبے کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب عوامی مسائل کے دیرپا حل، شفافیت کے فروغ اور سرکاری اداروں کی کارکردگی میں بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کھلی کچہریوں کے ذریعے موصول ہونے والی درخواستوں کی باقاعدہ مانیٹرنگ کی جائے گی تاکہ شہریوں کو حقیقی معنوں میں ریلیف مل سکے اور حکومتی اقدامات کے ثمرات نچلی سطح تک پہنچ سکیں۔

منڈی بہاؤالدین میں خواتین اور نوجوانوں پر مبینہ تشدد کی واردات

ڈی پی او منڈی بہاؤالدین نے متاثرین کی اپیل کا نوٹس لیا



منڈی بہاؤالدین ذرائع سے۔۔۔۔رپورٹ بیورو چیف منڈی بہاؤالدین۔۔۔۔۔۔۔۔۔: مبینہ قبضے کی کوشش، خواتین اور نوجوانوں پر تشدد، شہریوں میں تشویش ڈی پی او منڈی بہاؤالدین نوٹس لیں متاثرین کی اپیل منڈی بہاؤالدین کے علاقے مغل پورہ، تھانہ سٹی کی حدود میں مبینہ طور پر قبضے کی ایک سنگین واردات سامنے آئی ہے جس نے شہریوں میں خوف وہراس کی فضا پیدا کردی ہے۔ متاثرہ فریق کے مطابق عنصر تبسم گوندل نامی شخص درجنوں مسلح افراد کے ہمراہ شام کے وقت ایک رہائشی گھر میں داخل ہوا، جہاں خواتین، بچوں اور نوجوانوں کو مبینہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ الزام ہے کہ ملزمان نے گھر کا سامان باہر گلی میں پھینک دیا اور زبردستی مکان پر قبضہ کرلیا۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ شہر کے گنجان آباد اور مرکزی علاقے میں اس نوعیت کا واقعہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی اور شہریوں کے تحفظ سے متعلق کئی سوالات کو جنم دے رہا ہے۔ واقعے کے بعد متاثرہ خاندان نے اعلیٰ پولیس حکام سے فوری نوٹس لینے اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ شہری حلقوں نے بھی مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے حقائق سامنے لائے جائیں اور قانون کی عملداری کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام خود کو محفوظ محسوس کر رہے ہیں#

الہ آباد پولیس کی کارروائی میں دو منشیات فروش گرفتار

چرس کی برآمدگی، ملزمان کی شناخت ارشد اور عمران کے نام سے

خصوصی نمائندہ الہ اباد ملک عبیداللہ تھانہ الہ اباد پولیس نے بدنام زمانہ 02 منشیات فروش گرفتار، 04 کلو گرام چرس برآمد تھانہ الہ آباد پولیس کی ایس ایچ او حیدر علی کی سربراہی میں کامیاب کاروائی الہ آباد اور گردونواح میں منشیات فروشی کرنیوالے بدنام زمانہ 02 ملزمان گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 04 کلو گرام کے قریب چرس برآمد، الگ الگ مقدمات درج ملزمان کی شناخت ارشد عرف کالی سکنہ بھگیانہ اور عمران شاہ سکنہ الہ آباد کے ناموں سے ہوئی ملزمان عرصہ دراز سے منشیات کا مکروہ دھندہ کر کے نوجوان نسل کو تباہ کر رہے تھے ڈی پی او آفتاب احمد پھلروان کی قیادت میں ضلع کو ڈرگ فری بنانے کی مہم کامیابی سے جاری ہے رپورٹ اتفاق پریس کلب ڈسٹرکٹ قصور

سانگھڑ میں عالمی یوم ماحولیات پر عوامی شعور اجاگر کرنے کی کوشش

حکومت سندھ نے ماحولیاتی تحفظ کے پروگرام کا آغاز کیا: دوست محمد راہموں

سانگھڑ (بیورو رپورٹ: ولید حیسبانی) سندھ ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (سیپا) ضلع سانگھڑ کی جانب سے عالمی دن کی مناسبت سے مختلف پروگرام کا انعقاد۔ حکومت سندھ کے مشیر برائے ماحولیات، موسمیاتی تبدیلی و ساحلی ترقی دوست محمد راہموں، سیکریٹری ماحولیات موسمیاتی تبدیلی و ساحلی ترقی زبیر احمد چنا، ڈائریکٹر جنرل سیپا و قار حسین پھلپوٹو اور ریجنل انچارج سیپا شہید بینظیر آباد ڈاکٹر گل امیر سنبل کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے عالمی یوم ماحولیات 5 جون 2026ء کے موقع پر سیپا ضلع سانگھڑ کی ٹیم نے ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنے کے لیے سانگھڑ کے مختلف مقامات پر پینا فلیکس آویزاں کیے۔ اس موقع پر مقامی شہریوں، دکانداروں اور طلبہ نے ان پیغامات میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ پینا فلیکس پر پلاسٹک کے استعمال میں کمی، آبی آلودگی کی روک تھام، شجرکاری، صفائی ستھرائی برقرار رکھنے اور پانی کے تحفظ جیسے عملی اقدامات کو اجاگر کیا گیا۔ ذوالفقار علی بھٹی نے کہا ہے کہ ان سرگرمی کا مقصد عوام میں ماحولیاتی ذمہ داری کا شعور بیدار کرنا اور ماحول دوست اقدامات میں کمیونٹی کی بھرپور شرکت کی حوصلہ افزائی کرنا تھا۔ اس حوالے سے دوست محمد راہموں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور آنے والی نسلوں کو ایک صحت مند اور تندرست ماحول فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

مختار فورس جڑانوالہ کی تنظیم سازی، تصدق حسین تحصیل کمانڈر مقرر

اجلاس میں جوانوں نے ایام عزاء میں ڈیوٹی دینے کا عزم ظاہر کیا

رپورٹ: رمیض اقبال بٹ، ڈپٹی بیورو چیف پنجاب. رانا محمد ناصر خان نمبردار 4/653 گ ب جڑانوالہ حلف برداری آج مورخہ 31 مئی 2026 بروز اتوار مختار فورس تحصیل جڑانوالہ کی تنظیم سازی عمل میں لائی گئی اور مختار فورس جڑانوالہ کے جوانوں نے 18 جیٹھ کے حوالے سے منعقدہ مجلس عزاء و جلوس میں ڈیوٹی بھی سرانجام دی۔ مختار فورس جڑانوالہ کے اس اجلاس میں تصدق حسین کو تحصیل کمانڈر مختار فورس جڑانوالہ جبکہ محمد مبشر کو ڈپٹی کمانڈر مختار فورس تحصیل جڑانوالہ تعینات کیا گیا۔ تحصیل جڑانوالہ کے اس تنظیمی اجلاس میں سید فخر علی شمسی سبزواری ریجنل کمانڈر مختار فورس لاہور وسید جابر عباس نقوی ڈپٹی کمانڈر مختار فورس لاہور نے خصوصی شرکت کی اور تعینات کردہ جوانوں سے حلف لیا۔ اجلاس میں مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور تمام جوانوں نے ایام عزاء (یکم محرم الحرام تا 8 ربیع الاول) میں بھرپور انداز میں ڈیوٹی دینے کے عزم کا اظہار کیا اور تعینات کردہ تحصیل کمانڈر و ڈپٹی کمانڈر پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔ وہاں حلف برداری میں رانا شاہ زمان خان ایڈووکیٹ اور رانا محمد مبشر بشارت اور رانا جان شیر اور رانا مکرم شیر ایڈووکیٹ اور مولانا طاہر حسنی ان

جمہوریت کی روشنی، ظلمت کے خلاف مزاحمت کی نوید

دنیا بھر میں دائیں بازو کی تحریکوں کا زور پکڑنا

ساری کی چیمہ وزیر آباد (محمد طلحہ افضل) ظلمت کا وہی ایک رنگ، تاریک اور ادا ری بات آپ نے ضرور سنی ہوگی۔ زیادہ امکان تو یہ ہے کہ آپ کی زندگی کا بہت بڑا حصہ بلکہ پوری عمر ہی گلزار اور جمہوری آزادی کی تمنا میں گزر گئی ہو۔ دنیا کے حالات کا رخ فسطائیت، جمہوریت کے لبادے میں آمریت، نسل پرستی اور جنگی جنون کی طرف بڑھتا دیکھ کر محسوس ہوتا ہے کہ طاقت عوام اور معاشرے کے ہاتھوں سے نکل چکی ہے۔ ویسے تاریخ میں کبھی بھی مکمل طور پر یہ ان کے ہاتھوں میں نہیں رہی۔ صدیوں سے ایک جہد مسلسل رہی ہے کہ حکومتیں عوام کی رائے سے تشکیل پائیں، قانون اور عوام کے سامنے جوابدہ ہوں اور اپنی پالیسیوں میں ان کا خیال رکھیں۔ یہ تحریک کب شروع ہوئی اور اس کی فلسفیانہ اور فکری اساس کیا ہے؛ اس کا مختصر مضمون میں احاطہ نہیں کیا جا سکتا۔ صرف یہ حوالہ ہی کافی ہے کہ نجانے کتنے مفکرین نے اپنے خیالات سے اس سیاسی اخلاقیات کی آبیاری کی جس سے ایک عوامی اور ذمہ دارانہ حکومت کا تصور عالمگیریت اختیار کرتا چلا گیا۔ سیاسی علم کی بنیادی شے یہ تھی کہ یہ کون سی حکومت کس طریقے سے تشکیل پائے گی، شہری آزادی، سلامتی اور سکون کی فضا میں اپنی زندگی کے خواب پورے کر سکیں۔ یہی بات تھی جس نے کئی ہزار سال سے یونان کے حاکموں کو اپنے معروضی حالات کے مطابق مناسب نظام ترتیب دینے میں مصروف رکھا۔ دنیا کی تاریخ کا کوئی بھی دور ایسا نہیں، بشمول موجودہ دور کہ جب افکار کی دنیا بھی بدلتے ہوئے حالات کے مطابق مشقتِ انسان، سکون معاشرہ، جائز اور مستعد حکومت کے تصورات میں ڈھل نہ گئی ہوں۔ یہ الجھنیں تو وقت کے ساتھ نمایاں نہ رہے ہوں۔ یہ الجھنیں تو وقت کے ساتھ اور سائنسی اور صنعتی ترقی کے ساتھ تبدیل ہوتی رہی ہیں، مگر مغربی دنیا میں جدید دور کا سب سے بڑا اتفاق نما تنہ حکومت، آئین کی بالادستی اور شخصی آزادیوں پر تھا۔ ان تین بنیادی اصولوں نے یورپ اور شمالی امریکہ میں فرد، معاشرے، ریاست، سکون، شہری زندگی اور معیشت کو مکمل طور پر مسلسل ترقی اور ثبات تبدیلی کی راہ پر ڈال دیا۔ اس نوعیت کے سیاسی نظام کا مادی رخ سرمایہ داری نظام اور جائیداد کی مرکزیت تھا۔ ایک دو صدیوں میں نوعیت کے سیاسی نظام کا مادی رخ سرمایہ داری نظام اور جائیداد کی مرکزیت تھا۔ ایک دو صدیوں میں ہونے والی تبدیلیوں کو نہیں بلکہ کچھ بڑے بڑے مسئلہ اب چند ملکوں کا نہیں بلکہ کچھ بڑے بڑے اور طاقتور ملکوں کا ہے۔ پہلے تو بات ہم سرسری طور پر امریکہ کی کر لیتے ہیں کہ وہاں اب "بادشاہت ناخنور" کی تحریک دبے قدموں میں پھیلتی مزاحمت کی صورت دیکھ رہے ہیں۔ شاید ہی دنیا پر کوئی ملک ایسا ہو جہاں گزشتہ ایک صدی میں وہاں دیکھنے میں آیا ہو۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ دائیں بازو کی فکری تحریک جو تقریباً نصف صدی پہلے جدید لبرل ازم اور فلاحی ریاست کے رد عمل کے طور پر شروع ہوئی تھی، کا منطقی نتیجہ ہیں۔ کچھ نسل پرست حلقے جس سے سیاہ فام امریکیوں کو برابری کے شہری حقوق حاصل ہوئے۔ باقی کسر فلاحی ریاست کے معاشی تقاضوں نے پوری کر دی۔ ایسا تو کبھی خیال ہی نہیں آیا تھا کہ امریکی جامعات کے سربراہوں، حقوق کی بات کرنے اساتذہ، جنگوں اور قتل عام اور نسل کشی کے خلاف احتجاج کرنے طلبہ کو چن چن کر نشانہ بنایا جائے گا۔ اس وقت سیاسی طاقت کا توازن دائیں بازو کے رجحت پسند حلقوں اور ان کی تہہ میں نسل پرستوں کے حق میں ہے۔ لبرل ازم کی علم بردار ڈیموکریٹک پارٹی رہی ہے مگر وہ بھی گلوبل اسٹیبلشمنٹ کے علاوہ بدلے ہوئے قومی ماحول کی اسیر ہے۔ دیکھیں نومبر کے مہینے میں وسط مدتی انتخابات میں دوبارہ کھوئی ہوئی طاقت دوبارہ حاصل کرتے ہیں یا طاقت کا پینڈولم مزید دائیں بازو کی طرف چلا جاتا ہے۔ پوری مغربی جمہوری دنیا کے علاوہ لاطینی امریکہ میں بھی دائیں بازو کی تحریکیں زور پکڑ رہی ہیں۔ انٹیرنیشنل ویلفیئر ٹرسٹ کے صدر ڈاکٹر شاہ بہرام مان فیروزی کے صاحبزادے چوہدری فصیح الرحمن مان کی عیادت کے لیے مان ہاؤس تشریف لائے اس موقع پر چوہدری حافظ حسیب الرحمن مان، انجینئر حافظ انعام الرحمن مان

چوہدری فصیح الرحمن مان کی عیادت کے لیے شخصیات کی آمد

سیاسی و سماجی شخصیات نے چوہدری فصیح الرحمن مان کی صحت کی دعا کی

چوہدری فصیح الرحمن مان کی عیادت کے لیے سیاسی و سماجی شخصیات کی مان ہاؤس آمد اس موقع پر مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور اپوزیشن لیڈر رانا محمد شاہد خاں صاحب، (سیکرٹری انفارمیشن مسلم لیگ (ن) ضلع ساہیوال) پیر معین الدین چشتی صاحب، چوہدری محمد نواز گجر (سیکرٹری انفارمیشن مسلم لیگ ن PP - 203)(میڈیا کوآرڈینیٹر چوہدری طفیل جٹ گروپ) محمد تنزیل درانی صاحب بھی مان انٹرنیشنل ویلفیئر ٹرسٹ کے صدر ڈاکٹر شاہ بہرام مان فیروزی کے صاحبزادے چوہدری فصیح الرحمن مان کی عیادت کے لیے مان ہاؤس تشریف لائے اس موقع پر چوہدری حافظ حسیب الرحمن مان، انجینئر حافظ انعام الرحمن مان اور چوہدری علی ارصم بہرام مان بھی موجود تھے۔ معزز مہمانوں نے چوہدری فصیح الرحمن مان کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد مکمل صحت یابی کے لیے نیک خواہشات اور خصوصی دعاؤں کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ مہمانوں نے مان خاندان کی سماجی و فلاحی خدمات کو سراہتے ہوئے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

عیدالاضحیٰ پر ستھرا پنجاب ایجنسی کی شاندار کارکردگی

صوبائی وزیر بلدیات نے ستھرا پنجاب ایجنسی کو تعریفی سرٹیفکیٹ دیا، ذیشان رفیق

رینالہ خورد (جنرل رپورٹر عمران چوہدری سے) ستھرا پنجاب ایجنسی تحصیل رینالہ نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا، ذیشان رفیق، تفصیلات کے مطابق عیدالاضحیٰ کے موقع پر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ تحصیل رینالہ خورد کی ٹیم نے صفائی ستھرائی کے تمام ریکارڈ توڑ ڈالے جس پر صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ تحصیل رینالہ خورد حاجی عامر سالک کو تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا اور صوبائی وزیر بلدیات نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ستھرا پنجاب ایجنسی تحصیل رینالہ خورد کے ورکرز نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا جو کہ قابل تعریف ہے اس موقع پر جنرل سیکرٹری ہارایسوسی ایشن راؤ عمران واجد، صدر اتحاد پریس کلب رینالہ خورد سید علی جاوید شاہ، صدر رینالہ پریس کلب راؤ عتیق گوہر، چیئرمین تحصیل پریس کلب رینالہ خورد اعجاز طاہر قادری، صدر انجمن تاجران چوہدری شکیل احمد، سینئر اینکر پرسن چوہدری سجاد حیدر، سماجی شخصیت سید ندیم مقصود جعفری، سید اسلم تنویر شاہ، ملک عاصم ندیم، مزمل سرور وٹو اور سیاسی و سماجی شخصیت سمیت دیگر شخصیات نے مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا،

شیخوپورہ کے استاد شیخ سہیل احد کی سالگرہ پر مبارکباد

شیخ سہیل احد کی خدمات کا اعتراف، سالگرہ کے موقع پر دعائیں

شیخوپورہ (شیخ محمد شفیق سلطانی بیورو چیف سے) شیخوپورہ کی عظیم شخصیت عظیم استاد روحانی و سماجی رہنما غریبوں کے مسیحا محبتوں کا پیکر درد دل رکھنے والی ہستی جرات و بہادری کی روشن مثال صحافت کے بادشاہ اور صحافت کے استاد محترم شیخ سہیل احد صاحب نمائندہ جنگ نیوز جیو سابق صدر پریس کلب شیخوپورہ کو دل کی گہرائیوں سے سالگرہ مبارک ہو اللہ تعالیٰ آپ کو صحت خوشیوں کامیابیوں اور عزتوں سے بھرپور طویل اور بابرکت زندگی عطا فرمائے آپ ہمیشہ اسی طرح معاشرے کی خدمت حق وسچ کی آواز بلند کرنے اور محبتیں بانٹنے کا فریضہ سرانجام دیتے رہیں، ہیپی برتھ ڈے اللہ رب العزت آپ کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور ہر آنے والا سال آپ کے لیے خیر برکت اور کامیابیوں کا پیامبر بنائے آمین ثم آمین

رائیونڈ کے شہریوں کو انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی

پولیس اور صحافت کے درمیان تعاون پر زور دیا گیا، طاہر جاوید عوان

لاہور سے روز نامہ نوید پاکستان کے ڈپٹی ایڈیٹر محمد الیاس آرائیں کی اس رپورٹ میں نیشنل پریس کلب رائیونڈ کے صدر ڈاکٹر طاہر جاوید عوان اور نیشنل پریس کلب کے چیئرمین ڈاکٹر محمد الیاس ارائیں رائی کی ایک اہم ملاقات تھانہ سٹی پولیس رائیونڈ کے ایس ایچ او عمران نیازی سے ہوئی جس میں اہل علاقہ کے کریم پیشہ افراد منشیات فروش اور اہم معاملات پر بات چیت ہوئی۔ نیشنل پریس کلب کے صدر طاہر جاوید عوان اور چیئرمین نیشنل پریس کلب ڈاکٹر محمد الیاس ارائیں کی تھانہ پولیس سٹی رائیونڈ لاہور کے ایس ایچ او عمران نیازی سے ملاقات ملاقات کے دوران علاقہ اس صورتحال جرائم پیشہ افراد ڈاکوؤں اور چوروں کے حوالے سے رائیونڈ کے شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کے سلسلے میں اہم گفتگو ہوئی جس میں ایس ایچ او تھانہ پولیس سٹی عمران نیازی نے کہا کہ انشاءاللہ۔ منشیات فروشوں چوروں اور ڈاکوؤں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا جائے گا رائیونڈ تھانے کے دروازے ہر رائیونڈ کے شہریوں کے لیے کھلے ہوئے ہیں کسی کو بھی محکمہ پولیس رائیونڈ تھانے کے اہلکاروں کے خلاف کوئی شکایت ہو یا کوئی ظلم زیادتی کرتا ہو کسی کو انصاف فراہم نہ ہوتا ہو تو ہر وقت میرا دروازہ کھلا ہوا ہے اور انشاءاللہ ان کی بات اچھے طریقے سے سنی جائے گی اور اس پر عمل درامد کرتے ہوئے مجرموں کو سزا دی جائے گی اس موقع پر صدر نیشنل پریس کلب رائیونڈ ڈاکٹر طاہر جاوید عوان نے بھی ایس ایچ او تھانہ سٹی رائے ونڈ کو علاقے کی صورتحال پر اگاہ کیا اور امید کی کہ انشاءاللہ اپ کے ہوتے ہوئے رائیونڈ اور گردونوا کے شہریوں کو انصاف ضرور ملے گا چیئرمین ڈاکٹر محمد الیاس ارائی سے ملاقات کے دوران صحافت اور پولیس کا اپس میں محبت اور پیار سے مل جل کر چلنے پر زور دیا گیا تاکہ صحافت اور قانون مل جل کر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف پولیس کا ساتھ دیں تاکہ اہل علاقہ سے جرائم کا خاتمہ ہو سکے۔

لاہور کے حساس علاقے میں غیر رجسٹرڈ گیسٹ ہاؤس کا انکشاف

اہل علاقہ نے غیر قانونی گیسٹ ہاؤس کے خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ کیا



لاہور (میڈیا انویسٹی گیشن سیل) صوبائی دارالحکومت لاہور کے حساس اور پوش علاقے اپر مال پر قائم ایک نامور گرلز ہاسٹل کے قریب مبینہ طور پر غیر رجسٹرڈ، بغیر بورڈ اور غیر منظور شدہ گیسٹ ہاؤس چلائے جانے کا انکشاف ہوا ہے، جس کے بعد علاقے کے امن وامان، سیکیورٹی مانیٹرنگ اور طالبات کے تحفظ کے حوالے سے سنگین سوالات پیدا ہو گئے ہیں۔ میڈیا انویسٹی گیشن سیل کو موصول ہونے والی معلومات اور دستاویزی شواہد کے مطابق، مذکورہ گیسٹ ہاؤس مبینہ طور پر پنجاب ٹورازم ڈیپارٹمنٹ اور لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی سے مطلوبہ منظوری یا کمرشل این او سی حاصل کیے بغیر چلایا جا رہا ہے۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ یہ کاروباری سرگرمی کسی باقاعدہ بورڈ، واضح شناخت یا سرکاری نگرانی کے بغیر جاری ہے، جس کے باعث مقامی رہائشیوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق، مذکورہ عمارت میں دن رات نامعلوم افراد اور گاڑیوں کی آمد و رفت جاری رہتی ہے، جبکہ مہمانوں کے اندراج، شناختی تصدیق اور سکیورٹی کلیئرنس کے حوالے سے بھی شکوک و شبہات ظاہر کیے جا رہے ہیں۔ رہائشیوں کا کہنا ہے کہ گرلز ہاسٹل کے قریب اس نوعیت کی سرگرمیاں نہ صرف علاقے کے رہائشی ماحول کو متاثر کر رہی ہیں بلکہ طالبات کے تحفظ کے لیے بھی خطرے کی گھنٹی ہیں۔ ذرائع کے مطابق، مذکورہ گیسٹ ہاؤس پنجاب پولیس کے ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم "ہوٹل آئی" پر بھی مبینہ طور پر رجسٹرڈ نہیں، جس کی وجہ سے وہاں قیام کرنے والے افراد کی سرکاری سطح پر تصدیق اور نگرانی کا عمل مشکوک ہو جاتا ہے۔ سیکیورٹی ماہرین کے مطابق ایسے غیر رجسٹرڈ مراکز کسی بھی غیر تصدیق شدہ شخص یا جرائم پیشہ عناصر کے لیے آسان پناہ گاہ بن سکتے ہیں، اس لیے متعلقہ اداروں کی فوری کارروائی ناگزیر ہے۔ تحقیقات کے دوران اس گیسٹ ہاؤس کے انتظامی معاملات سے منسلک مینیجر شیخ اسد کے حوالے سے بھی اہم انکشافات سامنے آئے ہیں۔ دستیاب دستاویزی ریکارڈ کے مطابق شیخ اسد کے خلاف ماضی میں بوگس یا جعلی چیکس کے الزامات کے تحت تعزیرات پاکستان کی دفعہ F-489 کے تحت دو الگ الگ ایف آئی آرز درج ہو چکی ہیں۔ ان میں ایک ایف آئی آر تھانہ جوہر ٹاؤن لاہور، نمبر 2526/23، جبکہ دوسری ایف آئی آر تھانہ چنیاں، قصور، نمبر 236/24 بتائی جاتی ہے۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ مینیجر شیخ اسد مبینہ طور پر پولیس اور مقامی انتظامیہ میں موجود اپنے روابط کا فائدہ اٹھا کر اب تک قانونی کارروائی سے بچتا رہا ہے، تاہم ان الزامات کی آزادانہ تصدیق اور متعلقہ اداروں کا مؤقف سامنے آنا ضروری ہے۔ اسی معاملے میں ایک اور سنگین الزام بھی سامنے آیا ہے کہ مینیجر شیخ اسد مبینہ طور پر نوجوان لڑکیوں کو شادی کے جھوٹے وعدوں اور مختلف ترغیبات کے ذریعے اپنے جال میں پھنساتا ہے اور بعد ازاں انہیں بلیک میل کر کے اسی غیر رجسٹرڈ گیسٹ ہاؤس سے منسلک سرگرمیوں میں استعمال کرتا ہے۔ اگر یہ الزامات درست ثابت ہوتے ہیں تو یہ معاملہ صرف غیر قانونی گیسٹ ہاؤس تک محدود نہیں رہے گا بلکہ انسانی استحصال، خواتین کے تحفظ اور ممکنہ بلیک میلنگ جیسے سنگین جرائم کے زمرے میں بھی آسکتا ہے۔ اہل علاقہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب، سی سی پی او لاہور، ڈی جی ایل ڈی اے، پنجاب ٹورازم ڈیپارٹمنٹ اور متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے مال جیسے حساس علاقے میں گرلز ہاسٹل کے قریب قائم اس مبینہ غیر رجسٹرڈ گیسٹ ہاؤس کے خلاف فوری انکوائری کی جائے، عمارت کے قانونی اسٹیٹس، کمرشل استعمال، مہمانوں کے اندراج، ہوٹل آئی رجسٹریشن اور سیکیورٹی کلیئرنس کا مکمل ریکارڈ چیک کیا جائے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ اگر یہ گیسٹ ہاؤس واقعی بغیر منظوری اور بغیر سیکیورٹی مانیٹرنگ کے چل رہا ہے تو اسے فوری طور پر سیل کیا جائے، ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور گرلز ہاسٹل کے اطراف سیکیورٹ